چار مفید چیزوں پر مشتمل لفظی ترجمہ

لفظ بہ لفظ ترجمہ | مکمل بامحاورہ ترجمہ | مختصر حواشی | آیات کے عنوانات



مترجم: شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا الحاج مفتی ابو الصالح محمد قاسم قادری مدظلہ العالی



www.dawateislami.net

آسمان وزمین کی تخلیق اور ان کی نعمتوں سے توحید پر استدلال

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ اَنْزَلَ لَكُمْ

اَمَّنْ (۱)	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	اَنْزَلَ	لَكُمْ
یا وہ (بہتر ہے) جس نے	بنایا	آسمانوں	اور	زمین (کو)	اور	اتارا	تمہارے لیے

یا وہ بہتر ہے جس نے آسمان و زمین بنائے اور تمہارے لیے آسمان سے

مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآىِٕقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ

مِّنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	حَدَآىِٕقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ	مَا كَانَ
آسمان سے	پانی	تو ہم نے اگائے	اس (پانی) سے	رونق والے باغات	(ممکن) نہ تھا

پانی اتارا تو ہم نے اس پانی سے بارونق باغ اگائے۔ تمہارے لئے

لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

لَكُمْ	اَنْ	تُنْۢبِتُوْا	شَجَرَهَا	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ
تمہارے لئے	کہ	تم اگا دیتے	ان (باغوں) کے درخت	کیا کوئی معبود (ہے)	اللہ کے ساتھ

ممکن نہ تھا کہ تم ان (باغوں) کے درخت اگا دیتے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ (ہرگز نہیں،)

زمین کی خصوصیات توحید کی دلیل ہیں

بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ؕ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ

بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾	اَمَّنْ	جَعَلَ	الْاَرْضَ
(ہرگز نہیں) بلکہ	وہ	لوگ	شریک ٹھہراتے ہیں	یا وہ (بہتر ہے) جس نے	بنایا	زمین (کو)

بلکہ وہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیں ○ یا وہ بہتر ہے جس نے رہائش کیلئے

قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ

قَرَارًا	وَّ	جَعَلَ	خِلٰلَهَآ	اَنْهٰرًا	وَّ	جَعَلَ	لَهَا	رَوَاسِيَ
رہائش گاہ	اور	بنائیں	اس کے درمیان	نہریں	اور	بنائے	اس کے لئے	لنگر

زمین بنائی اور اس کے درمیان میں نہریں بنائیں اور اس کے لئے لنگر بنائے

(۱) ..... یہاں سے اللہ تعالیٰ کی قدرت و وحدانیت پر پہلے زمین و آسمان کی تخلیق، بارش اور باغات اگانے سے استدلال کیا گیا ہے، پھر زمین کو جائے قرار بنانے، اس میں نہریں رواں کرنے، مضبوط پہاڑ نصب کرنے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ پیدا کرنے کو خدا کی وحدانیت پر دلیل بنایا ہے، پھر مجبور و لاچار کی دعا قبول کرنے، بحر و بر میں مدد کرنے، مخلوق کی ابتداء و اعادہ اور زمین و آسمان سے روزی دینے کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی دلیل کے طور پر ذکر کر کے بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ شریک سے پاک اور منزہ ہے اور جو کوئی دوسرا خدا موجود ہونے کا دعویدار ہے اسے چاہئے کہ اپنی صداقت پر دلیل پیش کرے۔

www.dawateislami.net

وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

وَ	جَعَلَ	بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ	حَاجِزًا	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ
اور	رکھی	دو سمندروں کے درمیان	آڑ	کیا کوئی معبود (ہے)	اللہ کے ساتھ

اور دو سمندروں کے درمیان آڑ رکھی۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا

بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾	اَمَّنْ	يُّجِيْبُ	الْمُضْطَرَّ[1]	اِذَا
(ہرگز نہیں) بلکہ	ان میں اکثر	علم نہیں رکھتے	یا وہ (بہتر ہے) جو	فریاد سنتا ہے	مجبور (کی)	جب

بلکہ ان میں اکثر جاہل ہیں ○ یا وہ بہتر جو مجبور کی فریاد سنتا ہے جب

مجبور ولاچار کی فریاد رسی اللہ ہی کرتا ہے

دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ

دَعَاهُ	وَ	يَكْشِفُ	السُّوْٓءَ	وَ	يَجْعَلُكُمْ	خُلَفَآءَ الْاَرْضِ
وہ پکارے اسے	اور	ٹال دیتا ہے	برائی	اور	کرتا ہے تمہیں	زمین کے وارث

وہ اسے پکارے اور برائی ٹال دیتا ہے اور تمہیں زمین کا وارث کرتا ہے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَمَّنْ

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	قَلِيْلًا مَّا	تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾	اَمَّنْ
کیا کوئی معبود (ہے)	اللہ کے ساتھ	بہت ہی کم	تم نصیحت حاصل کرتے ہو	یا وہ (بہتر ہے) جو

کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو ○ یا وہ بہتر ہے جو

بحر و بر میں مشکلات سے اللہ ہی نجات دیتا ہے

يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

يَّهْدِيْكُمْ	فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	وَ	مَنْ	يُّرْسِلُ	الرِّيٰحَ
راہ دکھاتا ہے تمہیں	خشکی اور تری کے اندھیروں میں	اور	وہ جو	بھیجتا ہے	ہوائیں

تمہیں خشکی اور تری کے اندھیروں میں راہ دکھاتا ہے اور وہ جو ہوائیں بھیجتا ہے

[1] ..... مجبور ولاچار کی دعا اللہ تعالیٰ ہی سنتا ہے اور اس کی فریاد رسی بھی وہی فرماتا ہے۔ حدیثِ پاک میں مجبور ولاچار شخص کو دعا مانگنے کا ایک طریقہ سکھایا گیا ہے کہ اسے یوں دعا مانگنی چاہئے "اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ" یعنی اے اللہ! میں تیری رحمت کا امید وار ہوں، تو مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کرنا اور میرے سارے کام درست فرمادے، تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ (مسند ابو داود طیالسی، ص ۱۱۷، الجزء الثالث، الحدیث: ۸۶۹) یہ دعا مجبور ولاچار مسلمان کے علاوہ دیگر مسلمانوں کو بھی مانگنی چاہئے۔

www.dawateislami.net

بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِؕ تَعٰلَى

بُشْرًۢا	بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	تَعٰلَى
خوشخبری دیتی ہوئیں	اس کی رحمت سے پہلے	کیا کوئی معبود (ہے)	اللہ کے ساتھ	بلند و بالا ہے

اس حال میں کہ وہ ہوائیں اللہ کی رحمت سے پہلے خوشخبری دے رہی ہوتی ہیں۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود

اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ یَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

اللّٰهُ	عَمَّا	یُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾	اَمَّنْ	یَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ
اللہ	(اس) سے جسے	وہ شریک ٹھہراتے ہیں	یا وہ (بہتر ہے) جو	ابتداء کرتا ہے	خَلق (کی)	پھر

ہے؟ اللہ ان کے شرک سے بلند و بالا ہے ○ یا وہ بہتر ہے جو خَلق کی ابتداء فرماتا ہے پھر

یُعِیْدُهٗ وَ مَنْ یَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِؕ

یُعِیْدُهٗ	وَ	مَنْ	یَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
وہ دوبارہ بنائے گا اسے	اور	وہ جو	روزی دیتا ہے تمہیں	آسمان اور زمین سے

اسے دوبارہ بنائے گا اور وہ جو تمہیں آسمانوں اور زمین سے روزی دیتا ہے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	قُلْ	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
کیا کوئی معبود (ہے)	اللہ کے ساتھ	تم کہو	لاؤ	اپنی دلیل	اگر	تم ہو

کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ تم فرماؤ: اپنی دلیل لاؤ اگر تم

صٰدِقِیْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا

صٰدِقِیْنَ ﴿۶۴﴾	قُلْ	لَّا یَعْلَمُ	مَنْ	فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	الْغَیْبَ (۱)	اِلَّا
سچے	تم کہو	نہیں جانتا	جو کوئی	آسمانوں اور زمین میں (ہے)	غیب (کو)	سوائے

سچے ہو ○ تم فرماؤ: اللہ کے سوا آسمانوں اور زمین میں کوئی غیب نہیں جانتا

(1) ..... غیب کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور اس سے مراد ذاتی اور محیط یعنی ہر چیز کا علم ہے کہ وہی اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت اور اس سے مخصوص ہیں۔ عطائی علم کہ دوسرے کا دیا ہوا ہو اور علمِ غیر محیط کہ بعض اشیاء سے مطلع ہو اور بعض سے ناواقف ہو، یہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے اور ہم انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے لئے جو علمِ غیب مانتے ہیں اس سے مراد وہ غیر محیط علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کیا ہے۔ یہ قطعاً حق اور قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔

مخلوق کی ابتداء و اعادہ اور روزی دینے سے توحید پر استدلال

ذاتی علمِ غیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے

www.dawateislami.net

آخرت سے متعلق علم کفار کا حال

اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ

اللّٰهُ	وَ	مَا يَشْعُرُوْنَ	اَيَّانَ	يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾	بَلِ	ادّٰرَكَ
اللہ (کے)	اور	لوگ نہیں جانتے	کب	انہیں اٹھایا جائے گا	بلکہ (یعنی کیا)	مکمل ہو گیا

اور لوگ نہیں جانتے کہ انہیں کب اُٹھایا جائے گا؟ ○ کیا کافروں کا علم

عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ قف بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ قف

عِلْمُهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	بَلْ	هُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْهَا
ان (کافروں) کا علم	آخرت کے بارے میں	(ایسا نہیں) بلکہ	وہ	شک میں (ہیں)	اس کی طرف سے

آخرت کے بارے میں مکمل ہو چکا ہے؟ بلکہ وہ اس کی طرف سے شک میں ہیں

دوبارہ زندہ کیے جانے پر کفار کا اعتراض

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا

بَلْ	هُمْ	مِّنْهَا	عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	ءَاِذَا
بلکہ	وہ	اس سے	اندھے ہیں	اور	بولے	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	کیا جب

بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ○ اور کافروں نے کہا: کیا جب

كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَىِٕنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ

كُنَّا	تُرٰبًا	وَّ	اٰبَآؤُنَآ	اَىِٕنَّا	لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾	لَقَدْ
ہم ہو جائیں گے	مٹی	اور	ہمارے باپ دادا	کیا بیشک ہم	ضرور (پھر) نکالیں جائیں گے	ضرور بیشک

ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر نکالے جائیں گے؟ ○ بیشک

وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ

وُعِدْنَا	هٰذَا	نَحْنُ	وَ	اٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ	هٰذَآ
ہمیں وعدہ دیا گیا تھا	یہ	ہمیں	اور	ہمارے باپ داداؤں (کو)	(اس سے) پہلے	نہیں	یہ

یہ وعدہ ہمیں اور ہم سے پہلے ہمارے باپ داداؤں کو دیا گیا تھا، یہ تو صرف

www.dawateislami.net

کفار مکہ کو تنبیہ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تسلی

اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ

اِلَّاۤ	اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۶۸﴾	قُلْ	سِیْرُوْا	فِی الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَیْفَ	كَانَ
مگر	پہلے لوگوں کی جھوٹی کہانیاں	تم کہو	تم چلو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا	ہوا

پہلے لوگوں کی جھوٹی کہانیاں ہیں ○ تم فرماؤ: زمین میں چل کر دیکھو، مجرموں کا انجام

عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۶۹﴾ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَ لَا تَكُنْ فِیْ ضَیْقٍ

عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۶۹﴾ (۱)	وَ	لَا تَحْزَنْ	عَلَیْهِمْ	وَ لَا تَكُنْ	فِیْ ضَیْقٍ
مجرموں کا انجام	اور	(اے حبیب) تم غم نہ کرو	ان پر	اور نہ ہو	(دل کی) تنگی میں

کیسا ہوا؟ ○ اور (اے حبیب!) تم ان پر غم نہ کرو اور ان کی سازشوں سے

کفار کا سوال اور انہیں جواب

مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ

مِّمَّا	یَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾	وَ	یَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْوَعْدُ	اِنْ
(اس) سے جو	وہ سازشیں کرتے ہیں	اور	(کافر) کہتے ہیں	کب (پورا ہو گا)	یہ وعدہ	اگر

دل تنگ نہ ہو ○ اور کافر کہتے ہیں: یہ وعدہ کب (پورا) ہو گا؟ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ عَسٰۤى اَنْ یَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ

كُنْتُمْ	صٰدِقِیْنَ ﴿۷۱﴾	قُلْ	عَسٰى	اَنْ	یَّكُوْنَ	رَدِفَ	لَكُمْ
تم ہو	سچے	تم کہو	قریب ہے	کہ	ہو	پیچھے آلگا ہو	تمہارے

تم سچے ہو (تو بتاؤ) ○ تم فرماؤ: ہو سکتا ہے کہ جس (عذاب) کی تم جلدی مچا رہے ہو

اللہ تعالیٰ کی شان فضل اور لوگوں کی ناشکری

بَعْضُ الَّذِیْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ

بَعْضُ	الَّذِیْ	تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ
(اس عذاب کا) کچھ حصہ	جس کی	تم جلدی مچا رہے ہو	اور	بیشک	تیرا رب

اس کا کچھ حصہ تمہارے پیچھے آلگا ہو ○ اور بیشک تیرا رب

1 ..... عذابِ الٰہی سے برباد شدہ قوموں کی اجڑی بستیاں لوگوں کے لئے عبرت کے نشان ہیں، لہٰذا ہر ایک کو چاہئے کہ وہ ان قوموں سے عبرت حاصل کرے اور وہاں کے رہنے والوں کے احوال اور ان کے دردناک انجام پر غور کرے اور ان سے عبرت پکڑتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے باز آئے اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری میں مصروف ہو جائے۔

www.dawateislami.net

علم الٰہی کی شان

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ

لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾	وَ	اِنَّ
ضرور فضل والا (ہے)	لوگوں پر	اور	لیکن	ان میں اکثر	شکر ادا نہیں کرتے	اور	بیشک

لوگوں پر فضل والا ہے لیکن ان میں اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے ○ اور بیشک

لوحِ محفوظ کی عظمت

رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَ

رَبَّكَ (1)	لَيَعْلَمُ (2)	مَا	تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾	وَ
تیرا رب	ضرور جانتا ہے	جو	چھپاتے ہیں	ان کے سینے	اور	جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور

تمہارا رب یقیناً جانتا ہے جو ان کے سینے چھپائے ہوئے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ○ اور

قرآن میں بنی اسرائیل کے اختلافی امور کی حقیقت کا بیان

مَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾ اِنَّ

مَا	مِنْ غَآئِبَةٍ	فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾	اِنَّ
نہیں	کوئی چھپی ہوئی چیز	آسمان اور زمین میں	مگر	(وہ) ایک بتانے والی کتاب میں (ہے)	بیشک

آسمانوں اور زمین میں جتنے غیب ہیں سب ایک بتانے والی کتاب میں ہیں ○ بیشک

هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

هٰذَا الْقُرْاٰنَ	يَقُصُّ	عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اَكْثَرَ	الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ
یہ قرآن	بیان فرماتا ہے	بنی اسرائیل پر	اکثر	(وہ باتیں) جس میں وہ

یہ قرآن بنی اسرائیل سے اکثر وہ باتیں ذکر فرماتا ہے جس میں

قرآن مومنین کے لئے ہدایت و رحمت ہے

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾	وَ	اِنَّهٗ	لَهُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾
اختلاف کرتے ہیں	اور	بیشک وہ	ضرور ہدایت	اور	رحمت (ہے)	ایمان والوں کے لیے

وہ اختلاف کرتے ہیں ○ اور بیشک یہ مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ○

1 ..... اس آیت کا خلاصۂ کلام یہ ہے کہ کفار کا رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ پوشیدہ اور اعلانیہ عداوت رکھنا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مخالفت میں مکاریاں کرنا سب کچھ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے، وہ انہیں اس کی سزا دے گا۔

2 ..... اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی چھپا ہوا نہیں ہے، وہ ظاہری و باطنی تمام افعال و احوال سے پوری طرح واقف ہے، لہٰذا سب کو چاہئے کہ وہ اعلانیہ اور پوشیدہ ہر طرح کے گناہوں سے باز آجائیں اور دل میں کسی کے بارے میں بغض، حسد، کینہ اور عداوت وغیرہ نہ رکھیں۔

www.dawateislami.net

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

اِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ	بِحُكْمِهٖ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ
بیشک	تیرا رب	فیصلہ فرمادے گا	ان کے درمیان	اپنے حکم سے	اور	وہی	عزت والا

بیشک تمہارا رب اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ فرمادے گا اور وہی عزت والا

الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾ اِنَّكَ

الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾	فَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	اِنَّكَ	عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾	اِنَّكَ
علم والا (ہے)	تو تم بھروسہ کرو	اللہ پر	بیشک تم	روشن حق پر (ہو)	بیشک تم

علم والا ہے ○ تو تم اللہ پر بھروسہ کرو بیشک تم روشن حق پر ہو ○ بیشک تم

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا

لَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى (1)	وَ	لَا تُسْمِعُ	الصُّمَّ (2)	الدُّعَآءَ	اِذَا	وَلَّوْا
نہیں سنا سکتے	مُردوں (کو)	اور	تم نہیں سنا سکتے	بہروں (کو)	پکار	جب	وہ پھریں

مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ تم بہروں کو پکار سنا سکتے ہو جب وہ پیٹھ دے کر

مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ

مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾	وَ	مَآ	اَنْتَ	بِهٰدِ الْعُمْيِ (3)	عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ	اِنْ
پیٹھ پھیرتے ہوئے	اور	نہیں	تم	اندھوں کو ہدایت دینے والے	ان کی گمراہی سے	نہیں

پھر رہے ہوں ○ اور تم اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) ہدایت دینے والے نہیں۔ تم تو

تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

تُسْمِعُ	اِلَّا	مَنْ	يُّؤْمِنُ (4)	بِاٰيٰتِنَا	فَهُمْ	مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾
تم سنا سکتے	مگر	(اسے) جو	ایمان لاتا ہے	ہماری آیتوں پر	تو وہ	فرمانبرداری کرنے والے (ہیں)

اسی کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو وہ فرمانبردار ہیں ○

1 ..... یہاں مردوں سے کفار مراد ہیں اور ان سے بھی مطلقاً ہر کلام سننے کی نفی مراد نہیں بلکہ وعظ و نصیحت اور کلام ہدایت قبول کرنے کیلئے سننے کی نفی مراد ہے اور معنی یہ ہے کہ کافر مردہ دل ہیں کہ نصیحت سے کوئی فائدہ نہیں اٹھاتے۔ 2 ..... یعنی کفار بہروں کی طرح ہیں تو جیسے بہرے کو پکارنا کوئی فائدہ نہیں دیتا اسی طرح ضدی کافروں کو حق کی دعوت دینا کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ 3 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے ہدایت سے اور اس کے دل کو ایمان سے اندھا کر دیا (کہ اس نے قبولِ حق کی استعداد ضائع کر دی) آپ اسے گمراہی سے نکال کر ہدایت نہیں دے سکتے۔ 4 ..... یعنی آپ صرف انہی کو سنا سکتے ہیں جن کے پاس سمجھنے والے دل (ربط آیت ۷۵ تا ۸۱)

www.dawateislami.net

قربِ قیامت میں دابۃ الارض نکالنے کی خبر

وَ اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً

وَ	اِذَا	وَقَعَ	الْقَوْلُ (1)	عَلَیْهِمْ	اَخْرَجْنَا	لَهُمْ	دَآبَّةً (2)
اور	جب	آپڑے گی	بات	ان پر	(تو) ہم نکالیں گے	ان کے لیے	ایک جانور

اور جب ان پر بات آپڑے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور

مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾

مِّنَ الْاَرْضِ	تُكَلِّمُهُمْ	اَنَّ	النَّاسَ	كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾
زمین سے	وہ کلام کرے گا لوگوں سے	(اس لئے) کہ	لوگ	ہماری آیتوں پر یقین نہ کرتے تھے

نکالیں گے جو لوگوں سے کلام کرے گا اس لیے کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہ کرتے تھے ○

ہر روز حشر کفار پر زجر و توبیخ

وَ یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ

وَ	یَوْمَ	نَحْشُرُ	مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ	فَوْجًا	مِّمَّنْ
اور	(جس) دن	ہم اٹھائیں گے	ہر امت میں سے	ایک گروہ	(ان میں) سے جو

اور اس دن کو یاد کرو جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گروہ کو اٹھائیں گے جو

یُّكَذِّبُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰۤى اِذَا

یُّكَذِّبُ	بِاٰیٰتِنَا	فَهُمْ	یُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾	حَتّٰۤى	اِذَا
جھٹلاتا ہے	ہماری آیتوں کو	تو وہ	انہیں روکا جائے گا تاکہ بعد والے ان سے آملیں	یہاں تک کہ	جب

ہماری آیتوں کو جھٹلاتا ہے تو ان کے پہلے لوگوں کو روکا جائے گا تاکہ ان کے بعد والے ان سے آملیں ○ یہاں تک کہ

جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰیٰتِیْ وَ

جَآءُوْ	قَالَ	اَكَذَّبْتُمْ	بِاٰیٰتِیْ	وَ
(سب) حاضر ہو جائیں گے	(تو اللہ) فرمائے گا	کیا تم نے جھٹلایا تھا	میری آیتوں کو	اور (حالانکہ)

جب سب حاضر ہو جائیں گے تو اللہ فرمائے گا: کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ہیں اور جو علمِ الٰہی میں سعادتِ ایمان سے سرفراز ہونے والے ہیں اور وہ مخلص مسلمان ہیں۔ (1) ..... بات سے مراد وہ ہے جس کا کفار سے وعدہ کیا گیا۔ معنی یہ ہے کہ جب قیامت قائم ہو جائے گی اور عذاب لازم ہو جائے گا۔ (2) ..... اس جانور کو "دَابَّۃُ الْاَرْض" کہتے ہیں۔ اس کے بارے میں صرف اتنا جان لینا کافی ہے کہ یہ عجیب و غریب شکل کا جانور ہو گا۔ کوہِ صفا سے برآمد ہو کر تمام شہروں میں بہت جلد پھرے گا۔ فصاحت کے ساتھ کلام کرے گا۔ ہر شخص کی پیشانی پر ایک نشان لگائے گا، ایمانداروں کی پیشانی پر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے عصا سے نورانی خط کھینچے گا اور کافر کی پیشانی پر حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی

www.dawateislami.net

لَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَ وَقَعَ

لَمْ تُحِيْطُوْا	بِهَا	عِلْمًا	اَمَّا ذَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾	وَ	وَقَعَ (1)
تم نے احاطہ نہ کیا	ان کا	علم (سے)	یا کیا	تم کام کرتے تھے	اور	واقع ہو چکی

تمہارا علم ان تک نہ پہنچا تھا یا تم کیا کام کرتے تھے ؟ ○ اور ان پر

الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

الْقَوْلُ	عَلَيْهِمْ	بِمَا	ظَلَمُوْا	فَهُمْ	لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾
بات	ان پر	(اس کے) سبب جو	انہوں نے ظلم کیا	تو وہ	(اب کچھ) نہیں بولتے

ان کے ظلم کے سبب بات واقع ہو چکی تو وہ اب کچھ نہیں بولتے ○

رات دن کے منافع قدرتِ الٰہی کی نشانیاں ہیں

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ

اَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِيَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَ
کیا انہوں نے نہ دیکھا	کہ ہم	ہم نے بنائی	رات	تاکہ وہ آرام کریں	اس میں	اور

کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے رات بنائی تاکہ وہ اس میں آرام کریں اور

النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

النَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
دن (کو بنایا)	آنکھیں کھولنے والا	بیشک	اس میں	ضرور نشانیاں (ہیں)	(ان) لوگوں کیلئے

دن کو آنکھیں کھولنے والا بنایا بیشک اس میں ان لوگوں کیلئے ضرور نشانیاں ہیں

صور پھونکنے کے بعد مخلوق کی گھبراہٹ

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ (2)	وَ	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَفَزِعَ	مَنْ
(جو) ایمان رکھتے ہیں	اور	(جس) دن	پھونکا جائے گا	صُور میں	تو گھبرا جائے گا	جو کوئی

جو ایمان رکھتے ہیں ○ اور جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو جو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) انگوٹھی سے سیاہ مہر لگائے گا۔

1 ..... یعنی ان کے شرک کے سبب ان پر عذاب ثابت ہو چکا تو وہ اب کچھ نہیں بولتے کیونکہ اُن کے لئے کوئی حجت اور کوئی گفتگو باقی نہیں ہے۔ اس آیت کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلانے کی وجہ سے اُن پر عذاب اس طرح چھا جائے گا کہ وہ کچھ بول نہ سکیں گے۔ 2 ..... رات کو آرام اور دن کو کام کاج کے لئے بنانے میں اگرچہ تمام لوگوں کے لئے قدرتِ الٰہی کی نشانیاں ہیں لیکن چونکہ صرف ایمان والے ہی ان نشانیوں سے حقیقی فائدہ حاصل کرتے ہیں اس لئے بطورِ خاص یہاں انہی کا ذکر ہوا۔

www.dawateislami.net

فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ كُلٌّ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ	شَآءَ(1)	اللّٰهُ	وَ	كُلٌّ
آسمانوں میں	اور	جو کوئی	زمین میں (ہے)	مگر	جسے	چاہے	اللہ	اور	سب

آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب گھبرا جائیں گے مگر وہ جنہیں اللہ چاہے اور سب

اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ تَرَى الْجِبَالَ

اَتَوْهُ	دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾	وَ	تَرَى	الْجِبَالَ
حاضر ہوں گے اس کے حضور	عاجزی کرتے ہوئے	اور	تو دیکھے گا	پہاڑوں (کو)

اس کے حضور عاجزی کرتے حاضر ہوں گے ○ اور تُو پہاڑوں کو دیکھے گا

صور پھونکنے کے وقت پہاڑوں کا حال

تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّ هِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ

تَحْسَبُهَا	جَامِدَةً(2)	وَّ	هِيَ	تَمُرُّ	مَرَّ السَّحَابِ
خیال کرے گا انہیں	جمے ہوئے	اور (حالانکہ)	وہ	چل رہے ہوں گے	بادل کی چال

انہیں جمے ہوئے خیال کرے گا حالانکہ وہ بادل کے چلنے کی طرح چل رہے ہوں گے۔

صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ

صُنْعَ اللّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَتْقَنَ	كُلَّ شَيْءٍ	اِنَّهٗ	خَبِيْرٌۢ
(یہ اس) اللہ کی کاریگری (ہے)	جس نے	مضبوط کیا	ہر چیز (کو)	بیشک وہ	خبر دار (ہے)

یہ اس اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط کیا بیشک وہ تمہارے کاموں سے

نیک اعمال پر بشارت

بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

بِمَا	تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾	مَنْ	جَآءَ بِالْحَسَنَةِ(3)	فَلَهٗ	خَيْرٌ	مِّنْهَا
(اس) سے جو	تم کام کرتے ہو	جو	لائے نیکی	تو اس کے لیے	بہتر (صلہ ہے)	اس سے

خبر دار ہے ○ جو نیکی لائے اس کے لیے اس سے بہتر صلہ ہے

1 ..... یعنی جنہیں اللہ تعالیٰ چاہے گا وہ اس گھبراہٹ سے محفوظ رہیں گے۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ”وہ لوگ شہداء ہیں، اس لئے کہ وہ اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک زندہ ہیں، انہیں اس وقت گھبراہٹ نہ پہنچے گی۔ (خازن، النمل، تحت الآیۃ: ۸۷، ۳/ ۴۱۲) 2 ..... یعنی صور پھونکنے کے وقت پہاڑ اپنی بڑی جسامت کی وجہ سے دیکھنے میں تو اپنی جگہ ثابت اور قائم معلوم ہوں گے اور حقیقت میں وہ بادلوں کی طرح انتہائی تیز چلتے ہوں گے، یہاں تک کہ وہ پہاڑ زمین پر گر کر اس کے برابر ہو جائیں گے، پھر ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائیں گے۔ 3 ..... نیکی سے مراد کلمۂ توحید کی شہادت ہے یا، اس سے مراد عمل

www.dawateislami.net

مشرکین کا انجام

وَ هُمْ مِّنْ فَزَعٍ یَّوْمَىٕذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَ مَنْ

وَ	هُمْ	مِّنْ فَزَعٍ (1)	یَّوْمَىٕذٍ	اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾	وَ	مَنْ
اور	وہ	گھبراہٹ سے	اس دن	امن وچین والے (ہوں گے)	اور	جو

اور وہ اس دن کی گھبراہٹ سے امن وچین میں ہوں گے ○ اور جو

جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِی النَّارِ ؕ هَلْ

جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ (2)	فَكُبَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	فِی النَّارِ	هَلْ
لائے گا برائی	تو الٹے کر دیے جائیں گے	ان کے چہرے	آگ میں	کیا (یعنی نہیں)

برائی لائے گا تو ان کے چہرے آگ میں الٹے کر دیے جائیں گے۔ (اے لوگو!)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو دیئے گئے چار اختیارات

تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَاۤ

تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾	اِنَّمَاۤ
تمہیں بدلہ دیا جائے گا	مگر	(اسی کا) جو	تم عمل کرتے تھے	یہی

تمہیں تمہارے اعمال ہی کا بدلہ دیا جائے گا ○ مجھے تو یہی

اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِیْ

اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ	الَّذِیْ
مجھے حکم دیا گیا ہے	کہ	میں عبادت کروں	اس شہر (مکہ) کے رب (کی)	جس نے

حکم ہوا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے رب کی عبادت کروں جس نے

حَرَّمَهَا وَ لَهٗ كُلُّ شَیْءٍ ۫ وَّ اُمِرْتُ اَنْ

حَرَّمَهَا	وَ	لَهٗ	كُلُّ شَیْءٍ	وَّ	اُمِرْتُ	اَنْ
حرمت والا بنایا اسے	اور	اسی کے لیے (ہے)	ہر چیز	اور	مجھے حکم دیا گیا ہے	کہ

اسے حرمت والا بنایا ہے اور ہر شے اسی کی ملکیت ہے اور مجھے حکم ہوا ہے کہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) میں اخلاص ہے کہ خدا کے حضور ایمان واخلاص کے ساتھ حاضر ہو گا اس کیلئے بھلائی ہے۔

1 ..... اس سے قیامت کے دن عذاب کے خوف کی وجہ سے ہونے والی گھبراہٹ مراد ہے اور یہ اس گھبراہٹ کے علاوہ ہے جس کا ذکر اوپر کی آیت میں ہوا۔

2 ..... یہاں برائی سے مراد شرک ہے اور آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شرک کے ساتھ آئیں گے وہ اوندھے منہ آگ میں ڈالے جائیں گے اور جہنم کے خازن اُن سے کہیں گے: تمہیں تمہارے شرک اور گناہوں ہی کا بدلہ دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نارِ جہنم سے محفوظ فرمائے۔

www.dawateislami.net

اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَ اَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ

اَكُوْنَ	مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾	وَ	اَنْ	اَتْلُوَا(1)	الْقُرْاٰنَ
میں رہوں	فرمانبرداروں میں سے	اور	یہ کہ	میں تلاوت کروں	قرآن (کی)

فرمانبرداروں میں سے رہوں ○ اور یہ کہ میں قرآن کی تلاوت کروں

فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ

فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ
تو جس نے	ہدایت پائی	تو صرف	وہ ہدایت پاتا ہے	اپنی ذات کے لئے	اور

تو جس نے ہدایت پائی تو اس نے اپنی ذات کیلئے ہی ہدایت پائی اور

مَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَ قُلِ

مَنْ	ضَلَّ	فَقُلْ	اِنَّمَآ اَنَا	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾	وَ	قُلِ
جو	گمراہ ہوا	تو تم کہہ دو	میں تو صرف	ڈرانے والوں میں سے (ہوں)	اور	تم کہو

جو گمراہ ہو تو تم فرمادو کہ میں تو صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں ○ اور تم فرماؤ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	سَيُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ(2)	فَتَعْرِفُوْنَهَا
سب خوبیاں	اللہ کے لیے (ہیں)	عنقریب وہ دکھائے گا تمہیں	اپنی نشانیاں	تو تم پہچان لوگے انہیں

سب خوبیاں اللہ کے لیے ہیں، عنقریب وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا تو تم انہیں پہچان لوگے

وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۷ ۱۱ ۳

وَ	مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾
اور	نہیں	(اے حبیب) تمہارا رب	غافل	(اس) سے جو	(اے لوگو) تم عمل کرتے ہو

اور (اے حبیب!) تمہارا رب، (اے لوگو!) تمہارے اعمال سے غافل نہیں ہے ○

1 ..... تلاوتِ قرآن حضور اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روز مرہ کے معمولات میں شامل تھی، سیرت کی کتابوں میں لکھا ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سونے سے پہلے قرآن مجید کی کچھ سورتیں ضرور تلاوت فرماتے، اسی طرح رات میں جب عبادت کے لئے بیدار ہوتے تو بھی تلاوتِ قرآن فرماتے اور رمضان شریف میں حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ساتھ قرآن مجید کا دور فرمایا کرتے تھے۔ 2 ..... ان نشانیوں سے مراد چاند کا دو ٹکڑے ہونا وغیرہ معجزات اور وہ سزائیں ہیں جو کفار پر دنیا میں آئیں جیسا کہ بدر میں کفار کا قتل ہونا، قید ہونا اور فرشتوں کا انہیں مارنا۔

www.dawateislami.net

آیات:88 | رکوع:09

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

طٰسٓمٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② نَتْلُوْا عَلَيْكَ

طٰسٓمٓ ①	تِلْكَ	اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② (1)	نَتْلُوْا	عَلَيْكَ
حروف مقطعات	یہ	روشن کتاب کی آیتیں (ہیں)	ہم پڑھتے ہیں	تم پر (تمہارے سامنے)

طٰسٓمٓ ○ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ○ ہم تمہارے سامنے حق کے ساتھ

مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③ اِنَّ

مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ	بِالْحَقِّ	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ③	اِنَّ
موسیٰ اور فرعون کی کچھ خبر	حق کے ساتھ	(ان) لوگوں کے لیے	(جو) ایمان رکھتے ہیں	بیشک

موسیٰ اور فرعون کی خبر پڑھتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں ○ بیشک

فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَ جَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا

فِرْعَوْنَ	عَلَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	جَعَلَ	اَهْلَهَا	شِيَعًا (2)
فرعون	اس نے غلبہ پایا، تکبر کیا	زمین میں	اور	بنادیا	اس کے باشندوں (کو)	مختلف گروہ

فرعون نے زمین میں تکبر کیا تھا اور اس کے لوگوں کے مختلف گروہ بنادیئے تھے

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور فرعون کا واقعہ — عظمتِ قرآن

فرعون متکبر، ظالم اور فسادی تھا

1 ..... لوحِ محفوظ اور قرآنِ کریم دونوں کو کتابِ مبین کہا جاتا ہے، ان میں فرق یہ ہے کہ لوحِ محفوظ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خاص مقبول بندوں پر ہی ظاہر ہے جبکہ قرآنِ کریم ہر مومن کے لئے ظاہر ہے اگرچہ اس کے اسرار و رموز کی معرفت بھی خاص بندوں کے ساتھ خاص ہے۔

2 ..... فرعون نے اہلِ مصر کے مختلف گروہ بنادیئے اور ان میں عداوت ڈال دی تاکہ وہ کسی ایک بات پر جمع نہ ہوسکیں اور اس کی حکمرانی قائم رہے۔ دیکھا جائے تو یہی طریقہ اب بھی دنیا میں رائج ہے کہ حکمران لوگوں کو مختلف مسائل میں الجھائے رکھتے ہیں تاکہ وہ ان سے نہ نکل پائیں اور ان کی حکمرانی قائم رہے۔

www.dawateislami.net

يَّسْتَضْعِفُ طَآىِٕفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَ

يَّسْتَضْعِفُ	طَآىِٕفَةً	مِّنْهُمْ	يُذَبِّحُ	اَبْنَآءَهُمْ (1)	وَ
کمزور کر رکھا تھا	ایک گروہ (بنی اسرائیل کو)	ان میں سے	وہ ذبح کرتا	ان کے بیٹوں (کو)	اور

ان میں ایک گروہ (بنی اسرائیل) کو کمزور کر رکھا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا اور

يَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۴ وَ

يَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۴	وَ
زندہ رکھتا تھا	ان کی عورتوں، بچیوں (کو)	بیشک وہ	تھا	فساد کرنے والوں میں سے	اور

ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا، بیشک وہ فسادیوں میں سے تھا ○ اور

نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَ

نُرِيْدُ	اَنْ	نَّمُنَّ	عَلَى الَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ
ہم چاہتے تھے	کہ	احسان کریں	ان لوگوں پر جنہیں	کمزور بنایا گیا تھا	زمین میں	اور

ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان فرمائیں جنہیں زمین میں کمزور بنایا گیا تھا اور

نَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝۵ۙ وَ نُمَكِّنَ لَهُمْ

نَجْعَلَهُمْ	اَىِٕمَّةً	وَّ	نَجْعَلَهُمُ	الْوٰرِثِيْنَ ۝۵ (2)	وَ	نُمَكِّنَ	لَهُمْ
ہم بنائیں انہیں	پیشوا	اور	بنائیں انہیں	(ملک و مال کے) وارث	اور	ہم اقتدار دیں	ان کو

انہیں پیشوا بنائیں اور انہیں (ملک و مال کا) وارث بنائیں ○ اور انہیں زمین میں

فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

فِي الْاَرْضِ	وَ	نُرِيَ	فِرْعَوْنَ	وَ	هَامٰنَ	وَ	جُنُوْدَهُمَا
زمین میں	اور	دکھادیں	فرعون	اور	ہامان	اور	ان دونوں کے لشکروں (کو)

اقتدار دیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو وہی دکھادیں

(1) .....کاہنوں نے فرعون سے یہ کہہ دیا تھا کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہوگا جو تیری بادشاہت کے زوال کا باعث ہوگا، اس لئے وہ بیٹوں کو ذبح کر دیتا اور بیٹیوں کو چھوڑ دیتا تھا۔ یہ اس کی انتہائی حماقت تھی کیونکہ اگر وہ اپنے خیال میں کاہنوں کو سچا سمجھتا تھا تو یہ بات ہونی ہی تھی، لڑکوں کو قتل کر دینے سے کوئی نتیجہ نہ ملتا اور اگر وہ انہیں سچا نہیں جانتا تھا تو یہ اس کے نزدیک ایک لغو بات تھی اور لغو بات کا لحاظ کر کے انسانوں کا قتل کرنا کسی طرح درست نہ تھا۔ (2) .....یہاں وراثت سے مراد شرعی میراث نہیں کیونکہ مومن کافر کا وارث نہیں ہوتا بلکہ اس کے وسیع مفہوم میں سے ایک معنیٰ "موت کے بعد اس کی سلطنت کا وارث ہونا" مراد ہے۔

www.dawateislami.net

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦ وَ اَوْحَيْنَآ

مِنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦ (1)	وَ	اَوْحَيْنَآ
ان (بنی اسرائیل) کی طرف سے	جس کا	وہ ڈر رکھتے تھے	اور	ہم نے الہام کیا

جس کا انہیں ان کی طرف سے خطرہ تھا ○ اور ہم نے موسیٰ کی ماں کو

اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ

اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى (2)	اَنْ	اَرْضِعِيْهِ	فَاِذَا	خِفْتِ	عَلَيْهِ	فَاَلْقِيْهِ
موسیٰ کی ماں کی طرف	کہ	تو دودھ پلا اسے	پھر جب	تجھے خوف ہو	اس پر	تو ڈال دے اسے

اِلہام فرمایا کہ اسے دودھ پلا پھر جب تجھے اس پر خوف ہو تو اسے دریا میں

فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ

فِي الْيَمِّ	وَ	لَا تَخَافِيْ	وَ	لَا تَحْزَنِيْ	اِنَّا	رَآدُّوْهُ	اِلَيْكِ
دریا میں	اور	خوف نہ کر	اور	غم نہ کر	بیشک ہم	پھیر لائیں گے اسے	تیری طرف

ڈال دے اور خوف نہ کر اور غم نہ کر، بیشک ہم اسے تیری طرف پھیر لائیں گے

وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ

وَ	جَاعِلُوْهُ	مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧	فَالْتَقَطَهٗٓ	اٰلُ فِرْعَوْنَ
اور	بنانے والے ہیں اسے	رسولوں میں سے	تو اٹھالیا اسے	فرعون کے گھر والوں (نے)

اور اسے رسولوں میں سے بنائیں گے ○ تو اسے فرعون کے گھر والوں نے اٹھالیا

لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَ

لِيَكُوْنَ (3)	لَهُمْ	عَدُوًّا	وَّ	حَزَنًا	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	وَ	هَامٰنَ	وَ
تاکہ وہ ہو	ان کے لئے	دشمن	اور	غم	بیشک	فرعون	اور	ہامان	اور

تاکہ وہ ان کیلئے دشمن اور غم بنے، بیشک فرعون اور ہامان اور

1 ..... فرعون، ہامان اور ان کے لشکروں کو بنی اسرائیل کے ایک فرزند سے اپنی سلطنت کے زوال اور ہلاکت کا خطرہ تھا جس سے بچنے کی وہ بھرپور کوشش کر رہے تھے۔ 2 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی والدہ کا نام یوحانذ ہے اور آپ لاوی بن یعقوب کی نسل سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں خواب یا فرشتے کے ذریعے یا ان کے دل میں یہ بات ڈال کر الہام فرمایا۔ 3 ..... یہاں اس لفظ میں مذکور "لام" کو "لامِ عاقبت" کہتے ہیں اور آیت کا معنی یہ ہے کہ فرعون کے گھر والوں نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اٹھالیا اور اس اٹھانے کا انجام و نتیجہ یہ نکلنا تھا کہ وہ ان کیلئے دشمن اور غم کا باعث بنے گا۔

www.dawateislami.net

جُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۸﴾ وَ قَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ

جُنُوْدَهُمَا	كَانُوْا	خٰطِـِٕيْنَ ﴿۸﴾	وَ	قَالَتِ	امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ (1)
ان دونوں کے لشکر	وہ تھے	خطا کرنے والے	اور	کہا	فرعون کی بیوی (نے)

ان کے لشکر خطاکار تھے ○ اور فرعون کی بیوی نے کہا:

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَ لَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۫ عَسٰۤى اَنْ

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَ لَكَ	لَا تَقْتُلُوْهُ	عَسٰۤى	اَنْ
(یہ بچہ) میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک (ہے)	تم قتل نہ کرو اسے	قریب ہے	کہ

یہ بچہ میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرو شاید

يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَ

يَّنْفَعَنَاۤ	اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا	وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾	وَ
وہ نفع دے ہمیں	یا	ہم بنالیں اسے	بیٹا	اور	وہ	خبر نہیں رکھتے تھے	اور

یہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنالیں اور وہ بے خبر تھے ○ اور

اَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ

اَصْبَحَ	فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى	فٰرِغًا	اِنْ	كَادَتْ
صبح کے وقت ہو گیا	موسیٰ کی ماں کا دل	(صبر سے) خالی	بیشک	قریب تھا

صبح کے وقت موسیٰ کی ماں کا دل بے قرار ہو گیا، بیشک قریب تھا کہ

لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا

لَتُبْدِيْ	بِهٖ	لَوْلَاۤ	اَنْ	رَّبَطْنَا	عَلٰى قَلْبِهَا
(کہ) ضرور وہ ظاہر کر دیتی	اس کو	اگر نہ ہوتا	یہ کہ	ہم ڈھارس بندھاتے	اس کے دل پر

وہ اسے ظاہر کر دیتی اگر ہم اس کے دل کو مضبوط نہ کرتے

(1) ..... فرعون کی بیوی آسیہ بہت نیک خاتون تھیں، انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی نسل سے تھیں، غریبوں اور مسکینوں پر رحم و کرم کرتی تھیں۔ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر ایمان لانے کی وجہ سے فرعون نے آپ پر بہت ظلم کیا، چار میخوں سے آپ کے ہاتھ پاؤں بندھوا کر سینے پر بھاری چکی رکھوادی اور اسی حال میں انہیں سخت دھوپ میں ڈلوا دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے جنت میں گھر بنانے اور فرعون کے مظالم سے نجات کی دعا کی جو قبول ہوئی اور اسی حال میں اللہ تعالیٰ نے ان کی روح قبض فرمالی۔

www.dawateislami.net

والدہ کی بیٹی کو تاکید

لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾ وَ قَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ

لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾	وَ	قَالَتْ	لِاُخْتِهٖ	قُصِّيْهِ
تاکہ وہ رہے	یقین رکھنے والوں میں سے	اور	اس نے کہا	اس کی بہن سے	تو پیچھے چلی جا اس کے

کہ وہ (ہمارے وعدے پر) یقین رکھنے والوں میں سے رہے ○ اور اس کی ماں نے اس کی بہن سے کہا: اس کے پیچھے

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بہن کا فرعونیوں کو مشورہ

فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾ وَ

فَبَصُرَتْ	بِهٖ	عَنْ جُنُبٍ	وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾	وَ
تو وہ دیکھتی رہی	اس کو	دور سے	اور	وہ (فرعونی)	خبر نہ رکھتے تھے	اور

چلی جا تو وہ بہن اسے دور سے دیکھتی رہی اور ان (فرعونیوں) کو خبر نہ تھی ○ اور

حَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ

حَرَّمْنَا	عَلَيْهِ	الْمَرَاضِعَ (۱)	مِنْ قَبْلُ	فَقَالَتْ	هَلْ
ہم نے حرام کر دی تھیں	اس (موسیٰ) پر	دائیاں	پہلے (ہی) سے	تو (موسیٰ کی بہن نے) کہا	کیا

ہم نے پہلے ہی سب دائیاں اس پر حرام کر دی تھیں تو موسیٰ کی بہن نے کہا: کیا

اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَ

اَدُلُّكُمْ	عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ	يَّكْفُلُوْنَهٗ	لَكُمْ	وَ
میں رہنمائی کروں تمہاری	(ایسے) گھر والوں پر	(جو) ذمہ داری لے لیں اس (بچہ) کی	تمہارے لئے	اور

میں تمہیں ایسے گھر والے بتادوں جو تمہارے اس بچہ کی ذمہ داری لے لیں اور

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ کے پاس واپسی اور اس کی حکمتیں

هُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ

هُمْ	لَهٗ	نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾	فَرَدَدْنٰهُ	اِلٰٓى اُمِّهٖ	كَيْ
وہ	اس کی	خیر خواہی کرنے والے (بھی ہوں)	تو ہم نے لوٹا دیا اسے	اس کی ماں کی طرف	تاکہ

وہ اس کے خیر خواہ بھی ہوں؟ ○ تو ہم نے اسے اس کی ماں کی طرف لوٹا دیا تاکہ

(1) ..... اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو پہلے ہی منع کر دیا تھا کہ وہ اپنی والدہ کے علاوہ کسی اور کا دودھ نوش نہ فرمائیں۔ چنانچہ جس قدر دائیاں حاضر کی گئیں ان میں کسی کا دودھ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے نہ پیا، پھر آپ کی ہمشیرہ کے مشورے پر والدہ کو بلایا گیا تو ان کا دودھ نوش فرمالیا۔ فرعون نے بچہ انہیں دیا اور دودھ پلانے کی ذمہ داری لگا کر اپنے گھر لے جانے کی اجازت دی، چنانچہ آپ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اپنے مکان پر لے آئیں اور وعدۂ الٰہی پورا ہوتے دیکھ کر انہیں اطمینانِ کامل ہو گیا۔

www.dawateislami.net

تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ وَ لِتَعْلَمَ اَنَّ

تَقَرَّ	عَيْنُهَا	وَ	لَا تَحْزَنَ	وَ	لِتَعْلَمَ	اَنَّ
ٹھنڈی ہو	اس (ماں) کی آنکھ	اور	وہ غم نہ کھائے	اور	تاکہ جان لے	کہ

ماں کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور وہ غم نہ کھائے اور جان لے کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع وَ لَمَّا بَلَغَ

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾	وَ	لَمَّا	بَلَغَ
اللہ کا وعدہ	سچا (ہے)	اور	لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور	جب	(موسیٰ) پہنچا

اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ○ اور جب موسیٰ

اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا ؕ وَ

اَشُدَّهٗ	وَ	اسْتَوٰى	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا (۱)	وَّ	عِلْمًا (2)	وَ
اپنی جوانی (کو)	اور	(عمر میں) بھرپور ہو گیا	(تو) ہم نے عطا کی اسے	حکمت	اور	علم	اور

اپنی جوانی کو پہنچے اور بھرپور ہو گئے تو ہم نے اسے حکمت اور علم عطا فرمایا اور

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ

كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾	وَ	دَخَلَ	الْمَدِيْنَةَ
اسی طرح	ہم صلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	اور	(موسیٰ) داخل ہوا	شہر (میں)

ہم نیکوں کو ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○ اور (ایک دن موسیٰ) شہر والوں کی (دوپہر کی)

عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ

عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ (3)	مِّنْ اَهْلِهَا	فَوَجَدَ	فِيْهَا	رَجُلَيْنِ
بے خبری (یعنی نیند) کے وقت پر	اس (شہر) کے باشندوں کی	تو اس نے پایا	اس میں	دو مردوں (کو)

نیند کے وقت شہر میں داخل ہوئے تو اس میں دو مردوں کو

جوانی میں حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر انعاماتِ الٰہی

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور قبطی کے قتل کا واقعہ

ع ١٣

1 ..... یہاں حکم سے مراد نبوت نہیں کیونکہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو نبوت مدین سے مصر آتے ہوئے راستہ میں عطا ہوئی تھی۔ 2 ..... یہاں علم سے مراد علمِ لدنی ہے جو استاد کے واسطے کے بغیر عطا ہو اتھا اور یہ علم آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو نبوت عطا کئے جانے سے پہلے دیا گیا تھا۔ 3 ..... شہر میں پوشیدہ طور پر داخل ہونے کا سبب یہ تھا کہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے حق کا بیان اور فرعون اور فرعونیوں کی گمراہی کا رد اور فرعونیوں کے دین کی ممانعت شروع کر دی تھی۔ بنی اسرائیل آپ کی بات سنتے اور پیروی کرتے تھے۔ جب اس بات کا چرچا ہوا تو فرعونیوں نے آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تلاش شروع کر دی، اس (باقی اگلے صفحہ پر)

www.dawateislami.net

يَقْتَتِلٰنِ ۙ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَ هٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ

يَقْتَتِلٰنِ	هٰذَا	مِنْ شِيْعَتِهٖ	وَ	هٰذَا	مِنْ عَدُوِّهٖ
لڑتے ہوئے	یہ	اس (موسیٰ) کے گروہ سے	اور	یہ	اس کے دشمنوں میں سے (تھا)

لڑتے ہوئے پایا۔ ایک موسیٰ کے گروہ سے تھا اور دوسرا اس کے دشمنوں میں سے تھا

فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ

فَاسْتَغَاثَهُ	الَّذِيْ	مِنْ شِيْعَتِهٖ	عَلَى	الَّذِيْ
تو اس نے مدد مانگی اس سے	جو	اس کے گروہ میں سے (تھا)	(اس) کے خلاف	جو

تو وہ جو موسیٰ کے گروہ میں سے تھا اس نے موسیٰ سے اس کے خلاف مدد مانگی جو

مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫ قَالَ

مِنْ عَدُوِّهٖ	فَوَكَزَهٗ	مُوْسٰى	فَقَضٰى عَلَيْهِ	قَالَ
اس کے دشمنوں میں سے (تھا)	تو گھونسا مارا اس کو	موسیٰ (نے)	تو اس کا کام تمام کر دیا	(پھر) فرمایا

اس کے دشمنوں سے تھا تو موسیٰ نے اس کے گھونسا مارا تو اس کا کام تمام کر دیا۔ (پھر) فرمایا:

هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ۝١٥ قَالَ

هٰذَا (1)	مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	عَدُوٌّ	مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ۝١٥	قَالَ
یہ	شیطان کے کام سے (ہے)	بیشک وہ	دشمن (ہے)	کھلا گمراہ کرنے والا	(موسیٰ نے) عرض کی

یہ شیطان کی طرف سے ہوا ہے۔ بیشک وہ کھلا گمراہ کرنے والا دشمن ہے ○ موسیٰ نے عرض کی:

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

رَبِّ	اِنِّيْ	ظَلَمْتُ (2)	نَفْسِيْ	فَاغْفِرْ	لِيْ
اے میرے رب	بیشک میں	میں نے زیادتی کی	اپنی جان (پر)	تو تو بخش دے	مجھے

اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر زیادتی کی تو تو مجھے بخش دے

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) لئے آپ کسی بستی میں داخل ہوتے تو ایسے وقت داخل ہوتے جب وہاں کے لوگ غفلت میں ہوں۔

1 ..... یہ اشارہ قبطی کے اسرائیلی پر ظلم کی طرف ہے یعنی قبطی کا اسرائیلی پر ظلم کرنا جو اس کی ہلاکت کا باعث ہوا، یہ کام شیطان کی طرف سے ہوا ہے۔ یا، یہ اشارہ اس قتل کی طرف ہے جو حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے بلا ارادہ ہوا، یعنی قبطی کو قتل کرنے کا کام (بظاہر) شیطان کی طرف سے ہوا۔ 2 ..... انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام معصوم ہیں، ان سے گناہ نہیں ہوتے اور حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا قبطی کو مارنا دراصل ظلم دور کرنا اور مظلوم کی امداد کرنا تھا اور یہ

www.dawateislami.net

فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ

فَغَفَرَ	لَهٗ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ ﴿۱۶﴾	قَالَ
تو (اللہ نے) بخش دیا	اس کو	بیشک وہ	وہی	بخشنے والا	مہربان (ہے)	(موسیٰ نے) عرض کی

تو اللہ نے اسے بخش دیا بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے ○ عرض کی:

رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِیْرًا

رَبِّ	بِمَاۤ	اَنْعَمْتَ	عَلَیَّ	فَلَنْ اَكُوْنَ	ظَهِیْرًا
اے میرے رب	(اس کی) قسم جو	تو نے احسان کیا	مجھ پر	تو میں ہرگز نہ ہوں گا	مددگار

اے میرے رب! تو نے میرے اوپر جو احسان کیا ہے اس کی قسم کہ اب ہرگز میں

لِّلْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِی الْمَدِیْنَةِ خَآىِٕفًا یَّتَرَقَّبُ

لِّلْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۷﴾ (۱)	فَاَصْبَحَ	فِی الْمَدِیْنَةِ	خَآىِٕفًا	یَّتَرَقَّبُ
مجرموں کا	پھر (موسیٰ نے) صبح کی	شہر میں	ڈرتے ہوئے	انتظار کرتے ہوئے

مجرموں کا مددگار نہ ہوں گا ○ پھر موسیٰ نے شہر میں ڈرتے ہوئے، انتظار میں صبح کی

فَاِذَا الَّذِی اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ یَسْتَصْرِخُهٗ ؕ

فَاِذَا	الَّذِی	اسْتَنْصَرَهٗ	بِالْاَمْسِ	یَسْتَصْرِخُهٗ
تو اچانک (دیکھا کہ)	وہ جس نے	مدد مانگی تھی اس سے	کل	وہ فریاد کر رہا ہے اس سے

تو اچانک دیکھا کہ وہ جس نے کل ان سے مدد مانگی تھی فریاد کر رہا ہے

قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤى اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ

قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰۤى	اِنَّكَ	لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸﴾ (۲)	فَلَمَّاۤ	اَنْ	اَرَادَ
فرمایا	اس سے	موسیٰ (نے)	بیشک تو	ضرور کھلا گمراہ (ہے)	توجب	کہ	(موسیٰ نے) چاہا

تو موسیٰ نے اس سے فرمایا بیشک تو ضرور کھلا گمراہ ہے ○ تو جب موسیٰ نے چاہا

اس رکوع کی قابل سے پھر جگہ اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریف

اس رکوع کی حاضرات سے انشاء کے راز

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کسی دین میں بھی گناہ نہیں، پھر بھی اپنی طرف تقصیر کی نسبت کرنا اور عاجزی وانکساری کرتے ہوئے استغفار چاہنا، اللہ تعالیٰ کے مقرب بندوں کا دستور ہے۔

1 ..... مجرموں کا مددگار نہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ اب میں فرعون کے ساتھ نہ رہوں گا کیونکہ کسی کے ساتھ رہنا لوگوں کی نظر میں اس کی تائید کی صورت ہی سمجھی جاتی ہے۔ 2 ..... کھلے گمراہ سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مراد یہ تھی کہ تو روز لوگوں سے لڑتا ہے، اپنے آپ کو بھی مصیبت و پریشانی میں ڈالتا ہے اور اپنے مددگاروں کو بھی، تو کیوں ایسے مواقع سے نہیں بچتا اور کیوں احتیاط نہیں کرتا؟

www.dawateislami.net

اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰۤى

اَنْ	يَّبْطِشَ (1)	بِالَّذِيْ	هُوَ	عَدُوٌّ	لَّهُمَا	قَالَ	يٰمُوْسٰۤى
کہ	وہ پکڑ لیں	(اس قبطی) کو جو	وہ	دشمن (تھا)	ان دونوں کا	(تو) اس نے کہا	اے موسیٰ

کہ اس (قبطی) کو پکڑ لیں جو ان دونوں کا دشمن تھا تو وہ بولا: اے موسیٰ!

اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۚ اِنْ

اَتُرِيْدُ	اَنْ	تَقْتُلَنِيْ	كَمَا	قَتَلْتَ	نَفْسًۢا	بِالْاَمْسِ	اِنْ
کیا تم چاہتے ہو	کہ	قتل کر دو مجھے	جیسے	تم نے قتل کر دیا	ایک جان (کو)	کل	نہیں

کیا تم مجھے ویسا ہی قتل کرنا چاہتے ہو جیسا تم نے کل ایک شخص کو قتل کر دیا تم تو

تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ

تُرِيْدُ	اِلَّاۤ	اَنْ	تَكُوْنَ	جَبَّارًا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا تُرِيْدُ
تم چاہتے	مگر	یہ کہ	بن جاؤ	زبردستی کرنے والے	زمین میں	اور	تم نہیں چاہتے

یہی چاہتے ہو کہ زمین میں زبردستی کرنے والے بن جاؤ اور تم اصلاح کرنے والوں میں سے

اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

اَنْ	تَكُوْنَ	مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾	وَ	جَآءَ	رَجُلٌ	مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ
کہ	ہو جاؤ	اصلاح کرنے والوں میں سے	اور	آیا	ایک شخص	شہر کے آخری کنارے سے

نہیں ہونا چاہتے ○ اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک (مومن) شخص

یَسْعٰى ۙ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ

يَسْعٰى	قَالَ	يٰمُوْسٰۤى	اِنَّ	الْمَلَاَ	يَاْتَمِرُوْنَ	بِكَ
دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے موسیٰ	بیشک	دربار والے	مشورہ کر رہے ہیں	آپ کے بارے میں

دوڑتا ہوا آیا، کہا: اے موسیٰ! بیشک دربار والے آپ کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں

مرد مومن کی طرف سے فرعونیوں کے مشورے کی خبر

(1) ..... جب حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اپنے اور اسرائیلی کے مشترکہ دشمن کو پکڑنا چاہا تو اسرائیلی مرد غلطی سے یہ سمجھا کہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام خفا ہو کر مجھے پکڑنا چاہتے ہیں، یہ سمجھ کر وہ بولا: اے موسیٰ! عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام، کیا تم مجھے ویسے ہی قتل کرنا چاہتے ہو جیسے کل تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا، تم تو سرزمینِ مصر میں زبردستی کرنے والا بننا چاہتے ہو، اصلاح کرنے والا نہیں۔ فرعونی نے فرعون کو اطلاع دی کہ کل کے مقتول کے قاتل حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں۔ فرعون نے آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے قتل کا حکم دیا اور لوگ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تلاش میں نکل گئے۔

www.dawateislami.net

لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾

لِيَقْتُلُوْكَ	فَاخْرُجْ	اِنِّيْ	لَكَ	مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾
کہ وہ قتل کر دیں آپ کو	تو آپ نکل جائیں	بیشک میں	آپ کے	خیر خواہوں میں سے (ہوں)

کہ آپ کو قتل کر دیں تو آپ نکل جائیں۔ بیشک میں آپ کے خیر خواہوں میں سے ہوں ○

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۚ قَالَ رَبِّ

فَخَرَجَ (۱)	مِنْهَا	خَآئِفًا	يَّتَرَقَّبُ	قَالَ	رَبِّ
پھر (موسیٰ) نکلا	اس (شہر) سے	ڈرتے ہوئے	انتظار کرتے ہوئے	اس نے عرض کی	اے میرے رب

پھر موسیٰ شہر سے ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے نکلے۔ موسیٰ نے عرض کی: اے میرے رب!

نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ

نَجِّنِيْ	مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾	وَ	لَمَّا	تَوَجَّهَ	تِلْقَآءَ مَدْيَنَ	قَالَ
نجات دیدے مجھے	ظالم لوگوں سے	اور	جب	وہ متوجہ ہوا	مدین کی طرف	(تو) کہا

مجھے ظالموں سے نجات دیدے ○ اور جب وہ مدین کی طرف متوجہ ہوئے تو کہا:

عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَلَمَّا وَرَدَ

عَسٰى	رَبِّيْٓ	اَنْ	يَّهْدِيَنِيْ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾	وَ	لَمَّا	وَرَدَ
قریب ہے	میرا رب	کہ	وہ بتائے گا مجھے	سیدھا راستہ	اور	جب	وہ آیا

عنقریب میرا رب مجھے سیدھا راستہ بتائے گا ○ اور جب وہ

مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۙ

مَآءَ مَدْيَنَ	وَجَدَ	عَلَيْهِ	اُمَّةً	مِّنَ النَّاسِ	يَسْقُوْنَ
مدین کے پانی (پر)	(تو) پایا	اس پر	ایک گروہ	لوگوں میں سے	وہ (جانوروں کو) پانی پلا رہے ہیں

مدین کے پانی پر تشریف لائے تو وہاں لوگوں کے ایک گروہ کو دیکھا کہ اپنے جانوروں کو پانی پلا رہے ہیں

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جانب مدین ہجرت

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدین آمد اور بکریوں کو پانی پلانا

ع ۲ ۵

(۱) ..... صورتحال کا علم ہونے پر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس شہر سے ہجرت کرنے کا ارادہ کر لیا اور یہاں سے مدین کی طرف رختِ سفر باندھا کیونکہ مدین ایسا علاقہ تھا جو فرعون کی مملکت سے باہر تھا اور اس کے علاوہ آباد بھی تھا اور قریب بھی تھا، اسی شہر میں حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام رہتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ خطرناک جگہ سے نکل جانا اور جان بچانے کی تدبیر کرنا انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی سنت ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ اسباب پر عمل کرنا اور تدبیر اختیار کرنا خلافِ توکل نہیں۔

www.dawateislami.net

وَ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ

وَ	وَجَدَ	مِنْ دُوْنِهِمُ	امْرَاَتَيْنِ (۱)	تَذُوْدٰنِ
اور	اس نے پائیں	ان کے دوسری طرف	دو عورتیں	(جو اپنے جانور) روک رہی ہیں

اور ان کے دوسری طرف دو عورتوں کو دیکھا جو اپنے جانوروں کو روک رہی ہیں۔

قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

قَالَ	مَا خَطْبُكُمَا	قَالَتَا	لَا نَسْقِيْ	حَتّٰى
(موسیٰ نے) فرمایا	تم دونوں کا کیا حال ہے	وہ دونوں بولیں	ہم پانی نہیں پلاتیں	یہاں تک کہ

موسیٰ نے فرمایا: تم دونوں کا کیا حال ہے؟ وہ بولیں: ہم پانی نہیں پلاتیں جب تک

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۫ وَ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾

يُصْدِرَ	الرِّعَآءُ	وَ	اَبُوْنَا	شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾
(اپنے جانور) واپس لے جائیں	سب چرواہے	اور	ہمارے والد	بڑے بوڑھے (ہیں)

سب چرواہے پلا کر پھیر نہ لے جائیں اور ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں ○

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰۤى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ

فَسَقٰى	لَهُمَا	ثُمَّ	تَوَلّٰى	اِلَى الظِّلِّ	فَقَالَ
تو (موسیٰ نے) پانی پلا دیا	ان دونوں کے (جانوروں کو)	پھر	وہ پھر گیا	سایہ کی طرف	تو عرض کی

تو موسیٰ نے ان دونوں کے جانوروں کو پانی پلا دیا پھر سائے کی طرف پھرے اور عرض کی:

رَبِّ اِنِّيْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾

رَبِّ	اِنِّيْ	لِمَآ	اَنْزَلْتَ	اِلَيَّ	مِنْ خَيْرٍ	فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾
اے میرے رب	بیشک میں	(اس) کا جو	تو اتارے	میری طرف	بھلائی	محتاج (ہوں)

اے میرے رب! میں اس خیر (کھانے) کی طرف محتاج ہوں جو تو میرے لیے اتارے ○

(۱)..... اس واقعے کا خلاصہ یہ ہے کہ مدین پہنچنے کے بعد حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ایک کنویں پر تشریف لائے، یہاں لوگ جانوروں کو پانی پلا رہے تھے اور کنویں کی نچلی جانب کھڑی دو عورتیں اپنی بکریوں کو روکے کھڑی تھیں، حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ رش میں بکریوں کو پانی نہیں پلا سکتیں جبکہ ان کے والد بہت بوڑھے ہیں جو خود آ نہیں سکتے۔ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو ان پر رحم آیا اور قریب موجود دوسرے کنویں سے پانی نکال کر بکریوں کو پلا دیا۔ پھر آپ ایک درخت کے سائے میں تشریف لائے اور بارگاہِ الٰہی میں کھانے کے لئے دعا کی۔

www.dawateislami.net

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ

فَجَآءَتْهُ(1)	اِحْدٰىهُمَا	تَمْشِيْ	عَلَى اسْتِحْيَآءٍ	قَالَتْ
تو آئی موسیٰ کے پاس	ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک	چلتی ہوئی	شرم وحیا (کے طریقے) پر	اس نے کہا

تو ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک حضرت موسیٰ کے پاس شرم سے چلتی ہوئی آئی (اور) کہا:

اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ

اِنَّ	اَبِيْ	يَدْعُوْكَ	لِيَجْزِيَكَ	اَجْرَ مَا	سَقَيْتَ
بیشک	میرے والد	بلا رہے ہیں آپ کو	تاکہ وہ دیں آپ کو	(اس کی) مزدوری جو	آپ نے پانی پلایا

میرے والد آپ کو بلا رہے ہیں تاکہ آپ کو اس کام کی مزدوری دیں جو آپ نے ہمارے جانوروں کو

لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَ قَصَّ عَلَيْهِ

لَنَا	فَلَمَّا	جَآءَهٗ	وَ	قَصَّ	عَلَيْهِ
ہماری وجہ سے	تو جب	(موسیٰ) آیا اس (والد) کے پاس	اور	اس نے بیان کئے	اس پر (کے سامنے)

پانی پلایا ہے۔ تو جب موسیٰ اس (والد) کے پاس آئے اور اسے (اپنے) واقعات

الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ

الْقَصَصَ	قَالَ	لَا تَخَفْ	نَجَوْتَ	مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾	قَالَتْ
(اپنے) واقعات	(تو) اس نے کہا	ڈرو نہیں	تم نجات پا چکے	ظالم لوگوں سے	بولی

سنائے تو اس نے کہا: ڈرو نہیں، آپ ظالموں سے نجات پا چکے ہو ○ ان میں سے

اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ

اِحْدٰىهُمَا	يٰۤاَبَتِ	اسْتَاْجِرْهُ	اِنَّ	خَيْرَ	مَنِ
ان دونوں میں سے ایک	اے میرے باپ	ملازم رکھ لو ان کو	بیشک	بہتر	جسے

ایک نے کہا: اے میرے باپ! ان کو ملازم رکھ لو بیشک آپ کا بہتر نوکر وہ ہو گا

(1) .....گھر واپس آنے کے بعد دونوں صاحبزادیوں نے اپنے والد سے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ایثار و احسان کا ذکر کیا تو انہوں نے ایک صاحبزادی سے فرمایا کہ جاؤ اور اس نیک مرد کو میرے پاس بلا لاؤ تاکہ اسے اس احسان کا بدلہ دیا جائے۔ چنانچہ وہ شرم و حیا سے چلتے ہوئے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے پاس آئیں اور انہیں والدِ محترم کا پیغام پہنچایا۔ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی ملاقات کے ارادے سے چلے اور دورانِ ملاقات ان سے اپنے تمام واقعات بیان کئے تو انہوں نے تسلی دی۔

www.dawateislami.net

حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف سے نکاح کی پیشکش

اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ

اسْتَاْجَرْتَ	الْقَوِیُّ	الْاَمِیْنُ ﴿۲۶﴾	قَالَ	اِنِّیْٓ	اُرِیْدُ	اَنْ
آپ ملازم رکھو	(وہ ہے جو) طاقتور	امانتدار (ہو)	اس نے کہا	بیشک میں	چاہتا ہوں	کہ

جو طاقتور اور امانتدار ہو ○ (انہوں نے) فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ

اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِيْ

اُنْكِحَكَ (۱)	اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ	عَلٰٓى	اَنْ	تَاْجُرَنِيْ
نکاح کردوں تجھ سے	اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک (کا)	(اس شرط) پر	کہ	تم ملازمت کرو میری

اپنی دونوں بیٹیوں میں سے ایک کے ساتھ اس مہر پر تمہارا نکاح کردوں کہ تم آٹھ سال تک

ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ

ثَمٰنِيَ حِجَجٍ	فَاِنْ	اَتْمَمْتَ	عَشْرًا	فَمِنْ عِنْدِكَ
آٹھ سال (تک)	پھر اگر	تم پورے کردو	دس (سال)	تو (وہ اضافہ) تمہاری طرف سے (ہوگا)

میری ملازمت کرو پھر اگر تم دس سال پورے کردو تو وہ (اضافہ) تمہاری طرف سے ہوگا

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ

وَ	مَآ اُرِيْدُ	اَنْ	اَشُقَّ	عَلَيْكَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ	شَآءَ
اور	میں نہیں چاہتا	کہ	مشقت میں ڈالوں	تجھے	عنقریب تم پاؤ گے مجھے	اگر	چاہا

اور میں تمہیں مشقت میں ڈالنا نہیں چاہتا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عنقریب تم مجھے

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی جانب سے پیشکش کی منظوری

اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ؕ

اللّٰهُ	مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾	قَالَ	ذٰلِكَ	بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ
اللہ (نے)	نیکوں میں سے	(موسیٰ نے) کہا	یہ (معاہدہ طے ہے)	میرے اور تمہارے درمیان

نیکوں میں سے پاؤ گے ○ موسیٰ نے جواب دیا: یہ میرے اور آپ کے درمیان (معاہدہ طے) ہے۔

1 ..... حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اپنی کسی ایک بیٹی سے نکاح کی پیشکش فرمائی، اس سے معلوم ہوا کہ اگرچہ سنت یہ ہے کہ پیغام نکاح لڑکے کی طرف سے ہو لیکن یہ بھی جائز ہے کہ لڑکی والوں کی طرف سے ہو۔ مزید یہ کہ لڑکی کے لئے مالدار لڑکا تلاش کرنے کی بجائے دیندار اور شریف لڑکا تلاش کیا جائے۔ جیسے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام مسافر تھے، مالدار نہ تھے، مگر آپ کی دینداری اور شرافت ملاحظہ فرما کر حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اپنی بیٹی کے نکاح کی پیشکش کردی۔

www.dawateislami.net

اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى

اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ	قَضَيْتُ	فَلَا	عُدْوَانَ	عَلَيَّ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى
دو مدتوں میں سے جسے	میں پورا کر دوں	تو نہ (ہوگی)	کوئی زیادتی	مجھ پر	اور	اللہ	(اس) پر

میں ان دونوں میں سے جو بھی مدت پوری کر دوں تو مجھ پر کوئی زیادتی نہیں ہوگی اور ہماری اس گفتگو پر

مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَ ع ٢

مَا	نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾	فَلَمَّا	قَضٰى	مُوْسَى	الْاَجَلَ(۱)	وَ
جو	ہم کہہ رہے ہیں	نگہبان (ہے)	پھر جب	پوری کر دی	موسیٰ (نے)	مدت	اور

اللہ نگہبان ہے ○ پھر جب موسیٰ نے اپنی مدت پوری کر دی اور

سَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ؕ قَالَ

سَارَ بِاَهْلِهٖ	اٰنَسَ	مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ	نَارًا	قَالَ
وہ لے کر چلا اپنی بیوی (کو)	(تو) اس نے دیکھی	کوہِ طور کی طرف سے	ایک آگ	اس نے کہا

اپنی بیوی کو لے کر چلے تو کوہِ طور کی طرف ایک آگ دیکھی۔ آپ نے

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْۤ

لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْۤا	اِنِّيْۤ	اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْۤ
اپنی گھر والی سے	تم ٹھہرو	بیشک میں	میں نے دیکھی ہے	ایک آگ	شاید میں

اپنی گھر والی سے فرمایا: تم ٹھہرو، بیشک میں نے ایک آگ دیکھی ہے شاید، میں

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ	اَوْ	جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ	لَعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾
لاؤں تمہارے پاس وہاں سے کچھ خبر	یا	آگ کی کوئی چنگاری (لاؤں)	تاکہ تم	گرمی حاصل کرو

وہاں سے کچھ خبر لاؤں یا تمہارے لیے کوئی آگ کی چنگاری لاؤں تاکہ تم گرمی حاصل کرو ○

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا مصر کی طرف سفر اور جانب طور آگ کا مشاہدہ

ع ٢ ٢

(1) ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے دس سال ملازمت فرمائی اور جب مدت پوری ہوگئی تو حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے آپ کا نکاح اپنی بڑی صاحبزادی صفورا سے کر دیا، پھر آپ نے حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی اجازت سے اپنی زوجہ کے ساتھ مصر کی طرف رختِ سفر باندھا۔

www.dawateislami.net

کوہِ طور پر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کلامِ الٰہی

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ

فَلَمَّاۤ	اَتٰىهَا	نُوْدِیَ	مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ
پھر جب	وہ آیا آگ کے پاس	(تو) اسے ندا کی گئی	میدان کے دائیں کنارے سے

پھر جب آگ کے پاس آئے تو برکت والی جگہ میں میدان کے دائیں کنارے سے

فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤى اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ

فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ	مِنَ الشَّجَرَةِ	اَنْ	یّٰمُوْسٰۤى	اِنِّیْۤ	اَنَا	اللّٰهُ
برکت والی جگہ میں	درخت سے	کہ	اے موسیٰ	بیشک میں	میں (ہی)	اللہ (ہوں)

ایک درخت سے انہیں ندا کی گئی: اے موسیٰ! بیشک میں ہی اللہ ہوں،

عصائے موسیٰ کے سانپ بننے کا معجزہ اور ابتدائی مشاہدے کا اثر

رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا

رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾ (۱)	وَ	اَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَلَمَّا	رَاٰهَا
تمام جہانوں کا پالنے والا (ہوں)	اور	یہ کہ	تم ڈال دو	اپنا عصا	تو جب	اس نے دیکھا اسے

سارے جہانوں کا پالنے والا ہوں ○ اور یہ کہ تم اپنا عصا ڈال دو تو جب اسے

تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّ لَمْ یُعَقِّبْ ؕ

تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَّ	لَمْ یُعَقِّبْ
لہراتا ہوا	گویا کہ وہ	ایک سانپ (ہے)	(تو) وہ چل پڑا	پیٹھ پھیرتے ہوئے	اور	مڑ کر نہ دیکھا

لہراتا ہوا دیکھا گویا کہ سانپ ہے تو حضرت موسیٰ پیٹھ پھیر کر چلے اور مڑ کر نہ دیکھا۔

روشن ہاتھ کا معجزہ اور خوف کی دوری

یٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ وَ لَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ

یٰمُوْسٰۤى	اَقْبِلْ	وَ	لَا تَخَفْ	اِنَّكَ	مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾	اُسْلُكْ
(ہم نے فرمایا) اے موسیٰ	سامنے آؤ	اور	ڈرو نہیں	بیشک تم	امن والوں میں سے (ہو)	تم ڈالو

(ہم نے فرمایا:) اے موسیٰ! سامنے آؤ اور نہ ڈرو، بیشک تم امن والوں میں سے ہو ○ اپنا ہاتھ

(۱) ..... منقول ہے کہ یہ کلام حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے صرف اپنے مبارک کانوں ہی سے نہیں بلکہ اپنے جسمِ اقدس کے ہر ہر جزو سے سنا اور جب آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے سرسبز درخت میں آگ دیکھی تو جان لیا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا یہ کسی کی قدرت نہیں اور بیشک جو کلام انہوں نے سنا ہے اس کا متکلم اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ پھر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو دو معجزات عطا کئے گئے جن کی تفصیل اگلی آیات میں موجود ہے۔

www.dawateislami.net

يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ وَّاضْمُمْ

يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	وَّ	اضْمُمْ
اپنا ہاتھ	اپنے گریبان میں	وہ نکلے گا	سفید، چمکتا ہوا	کسی مرض کے بغیر	اور	تم ملالو

گریبان میں ڈالو تو وہ بغیر کسی مرض کے سفید چمکتا ہوا نکلے گا اور خوف دور کرنے کیلئے

اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ

اِلَيْكَ	جَنَاحَكَ	مِنَ الرَّهْبِ(1)	فَذٰنِكَ	بُرْهَانٰنِ
اپنی طرف	اپنا ہاتھ	خوف (دور کرنے کی) غرض سے	تو یہ دونوں	دو بڑی دلیلیں (ہیں)

اپنا ہاتھ اپنے ساتھ ملالو تو تیرے رب کی طرف سے

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
تمہارے رب کی جانب سے	فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف	بیشک وہ	وہ ہیں

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف یہ دو بڑی دلیلیں ہیں، بیشک وہ

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	قَتَلْتُ
نافرمانی کرنے والے لوگ	(موسیٰ نے) عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں	میں نے قتل کر دیا تھا

نافرمان لوگ ہیں ○ موسیٰ نے عرض کی: اے میرے رب! میں نے ان میں سے ایک شخص کو

مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾ وَ

مِنْهُمْ	نَفْسًا	فَاَخَافُ	اَنْ	يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾	وَ
ان میں سے	ایک جان (کو)	تو میں ڈرتا ہوں	(اس سے) کہ	وہ قتل کر دیں گے مجھے	اور

قتل کر دیا تھا تو مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے ○ اور

بارگاہِ الٰہی میں حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عرض

1 ..... اس خوف کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ ہاتھ کی چمک دیکھ کر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے دل میں خوف پیدا ہوا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے وہی خوف مراد ہے جو سانپ کو دیکھنے سے پیدا ہوا تھا، اسے آیت میں بیان کئے گئے طریقے سے دور کر دیا گیا۔

www.dawateislami.net

اَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ

اَخِیْ	هٰرُوْنُ(1)	هُوَ	اَفْصَحُ	مِنِّیْ	لِسَانًا	فَاَرْسِلْهُ
میرا بھائی	ہارون	وہ	زیادہ صاف ہے	مجھ سے	زبان (میں)	تو تو رسول بنا اسے

میرا بھائی ہارون اس کی زبان مجھ سے زیادہ صاف ہے تو اسے میری مدد کے لیے

مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْٓ ۫ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ

مَعِیَ	رِدْاً(2)	یُّصَدِّقُنِیْٓ	اِنِّیْٓ	اَخَافُ	اَنْ
میرے ساتھ	مدد کرنے والا	وہ تصدیق کرے میری	بیشک میں	ڈرتا ہوں	(اس سے) کہ

رسول بنا تا کہ وہ میری تصدیق کرے، بیشک مجھے ڈر ہے کہ

یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ

یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾	قَالَ	سَنَشُدُّ	عَضُدَكَ	بِاَخِیْكَ
وہ جھٹلائیں گے مجھے	(اللہ نے) فرمایا	عنقریب ہم قوت دیں گے	تیرے بازو (کو)	تیرے بھائی سے

وہ مجھے جھٹلائیں گے ○ اللہ نے فرمایا: عنقریب ہم تیرے بازو کو تیرے بھائی کے ذریعے قوت دیں گے اور

وَ نَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚ

وَ	نَجْعَلُ	لَكُمَا	سُلْطٰنًا	فَلَا یَصِلُوْنَ	اِلَیْكُمَا
اور	کر دیں گے	تم دونوں کے لئے	غلبہ	تو وہ نہیں پہنچ سکیں گے	تم دونوں تک

تم دونوں کو غلبہ عطا فرمائیں گے تو وہ ہماری نشانیوں کے سبب

بِاٰیٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

بِاٰیٰتِنَآ	اَنْتُمَا	وَ	مَنِ	اتَّبَعَكُمَا	الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾
ہماری نشانیوں کے سبب	تم دونوں	اور	جس نے	پیروی کی تمہاری	(وہ) غالب آنے والے (ہیں)

تم دونوں کا کچھ نقصان نہ کر سکیں گے۔ تم دونوں اور تمہاری پیروی کرنے والے غالب آئیں گے ○

1 ..... حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے بڑے بھائی تھے اور بچپن میں فرعون کے ہاں انگارہ منہ میں رکھ لینے کی وجہ سے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی زبان شریف میں لکنت آگئی تھی اس لئے آپ نے فرمایا کہ میرے بھائی حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی زبان مجھ سے زیادہ صاف ہے یعنی اس میں لکنت نہیں اور وہ صحیح صحیح بات کرتے ہیں۔

2 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندوں کی مدد لینا انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی سنت ہے، لہٰذا یہ شرک نہیں ہے۔

عرضِ موسیٰ کی قبولیت اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تسلی

معانقتا!

www.dawateislami.net

فرعونیوں کی معجزاتِ موسیٰ کی مخالفت

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا

فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا
پھر جب	آیا ان کے پاس	موسیٰ	ہماری روشن نشانیوں کے ساتھ	(تو فرعونیوں نے) کہا	نہیں

پھر جب موسیٰ ان کے پاس ہماری روشن نشانیاں لے کر آئے تو (فرعونیوں نے) کہا: یہ تو

هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾

هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّفْتَرًى (1)	وَّ	مَا سَمِعْنَا (2)	بِهٰذَا	فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾
یہ	مگر	ایک بناوٹی جادو	اور	ہم نے نہیں سنا	اس (بات) کو	اپنے پہلے باپ داداؤں میں

صرف ایک بناوٹی جادو ہے اور ہم نے اپنے اگلے باپ داداؤں میں یہ (بات کبھی) نہیں سنی ○

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى

وَ	قَالَ	مُوْسٰى	رَبِّيْٓ	اَعْلَمُ	بِمَنْ	جَآءَ بِالْهُدٰى
اور	فرمایا	موسیٰ (نے)	میرا رب	خوب جانتا ہے	(اس) کو جو	لایا ہدایت

اور موسیٰ نے فرمایا: میرا رب خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے

مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

مِنْ عِنْدِهٖ	وَ	مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ	عَاقِبَةُ الدَّارِ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ
اس کے پاس سے	اور	جس کے لیے ہوگا	(آخرت کے) گھر کا (اچھا) انجام	بیشک	کامیاب نہ ہوں گے

ہدایت لائے اور جس کے لیے آخرت کے گھر کا (اچھا) انجام ہوگا۔ بیشک ظالم

فرعون کا درباریوں سے کلام اور ہامان کو تعمیر عمارت کا حکم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰٓاَيُّهَا	الْمَلَاُ	مَا عَلِمْتُ	لَكُمْ
ظالم	اور	کہا	فرعون (نے)	اے	درباریو	میں نہیں جانتا	تمہارے لیے

کامیاب نہیں ہوں گے ○ اور فرعون نے کہا: اے درباریو! میں تمہارے لیے

1 ..... فرعونیوں نے معجزات کا انکار کر دیا اور انہیں بناوٹی جادو قرار دیا، اس سے ان کا مطلب یہ تھا کہ جس طرح جادو کی تمام اقسام باطل ہوتی ہیں اسی طرح معاذاللہ یہ معجزات بھی ہیں۔ 2 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے فرعونیوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بیان کی، اس کے بارے میں انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے اپنے باپ دادا کے زمانے میں یہ نہیں سنا کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔ یا حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے دعویٰ رسالت کے بارے میں فرعونیوں نے کہا کہ ہم نے اپنے پہلے باپ دادا کے زمانے میں یہ نہیں سنا کہ کسی کو اللہ تعالیٰ اپنا رسول بنا کر بھیجتا ہے۔

www.dawateislami.net

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ

مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرِيْ	فَاَوْقِدْ	لِيْ	يٰهَامٰنُ (1)	عَلَى الطِّيْنِ	فَاجْعَلْ
کوئی معبود	اپنے سوا	تو آگ جلا	میرے لیے	اے ہامان	گارے پر	پھر بنا

اپنے سوا کوئی خدا نہیں جانتا تو اے ہامان! میرے لیے گارے پر آگ جلا پھر میرے لئے

لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَ

لِّيْ	صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَطَّلِعُ	اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى	وَ
میرے لیے	ایک اونچا محل	شاید میں	جھانک کر دیکھ لوں	موسیٰ کے معبود کی طرف	اور

ایک اونچا محل بناؤ، شاید میں موسیٰ کے خدا کو جھانک لوں اور

فرعون اور اس کے لشکریوں کا ناحق تکبر

اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَ

اِنِّيْ	لَاَظُنُّهٗ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾	وَ	اسْتَكْبَرَ (2)	هُوَ	وَ
بیشک میں	میں ضرور سمجھتا ہوں اسے	جھوٹوں میں سے	اور	بڑا بننا چاہا	اس (فرعون)	اور

بیشک میں تو اسے جھوٹوں میں سے ہی سمجھتا ہوں ○ اور اس نے اور اس کے لشکریوں نے

جُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

جُنُوْدُهٗ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَ	ظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اس کے لشکریوں (نے)	زمین میں	حق کے بغیر، ناحق	اور	انہوں نے سمجھا	کہ وہ

زمین میں بے جا تکبر کیا اور وہ سمجھے کہ انہیں

فرعون اور فرعونیوں کے ناحق تکبر کا دنیاوی اور اُخروی انجام

اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ

اِلَيْنَا	لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾	فَاَخَذْنٰهُ	وَ	جُنُوْدَهٗ
ہماری طرف	انہیں لوٹایا نہیں جائے گا	تو ہم نے پکڑ لیا اسے	اور	اس کے لشکروں (کو)

ہماری طرف پھرنا نہیں ○ تو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑ کر

1 ..... فرعون نے یہ گمان کیا تھا کہ (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ کے لئے بھی مکان ہے اور وہ جسم ہے کہ اس تک پہنچنا اس کے لئے ممکن ہو گا، اس لئے اس نے ہامان کو عمارت بنانے کا حکم دیا اور اپنے ارادے کا اظہار کیا۔

2 ..... حدیثِ پاک میں ہے ”تکبر حق کی مخالفت کرنے اور لوگوں کو حقیر جاننے کا نام ہے۔ (مسلم، ص ۶۰، الحدیث: ۱۴۷(۹۱))

www.dawateislami.net

فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْیَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ وَ

فَنَبَذْنٰهُمْ	فِی الْیَمِّ	فَانْظُرْ	كَیْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ (1)	وَ
پھر پھینک دیا انہیں	دریا میں	تو دیکھو	کیسا	ہوا	ظالموں کا انجام	اور

دریا میں پھینک دیا تو دیکھو ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟ ○ اور

جَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً یَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

جَعَلْنٰهُمْ	اَىِٕمَّةً	یَّدْعُوْنَ	اِلَى النَّارِ	وَ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ
ہم نے بنادیا انہیں	(گمراہوں کا) پیشوا	وہ بلاتے ہیں	آگ کی طرف	اور	قیامت کے دن

انہیں ہم نے پیشوا بنادیا کہ آگ کی طرف بلاتے ہیں اور قیامت کے دن

لَا یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَ اَتْبَعْنٰهُمْ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً ۚ وَ

لَا یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾	وَ	اَتْبَعْنٰهُمْ (2)	فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا	لَعْنَةً	وَ
ان کی مدد نہیں کی جائے گی	اور	ہم نے پیچھے لگادی ان کے	اس دنیا میں	لعنت	اور

ان کی مدد نہیں کی جائے گی ○ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگادی اور

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِیْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	هُمْ	مِّنَ الْمَقْبُوْحِیْنَ ﴿۴۲﴾	وَ	لَقَدْ	اٰتَیْنَا
قیامت کے دن	وہ	بری حالت والوں میں سے (ہوں گے)	اور	ضرور بیشک	ہم نے عطا کی

قیامت کے دن وہ قبیح (بُری) حالت والوں میں سے ہوں گے ○ اور بیشک ہم نے موسیٰ کو

مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى

مُوْسَى	الْكِتٰبَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَاۤ	اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى
موسیٰ (کو)	کتاب	(اس کے) بعد	کہ	ہم نے ہلاک کر دیا تھا	پہلی قوموں (کو)

کتاب عطا فرمائی اس کے بعد کہ ہم نے پہلی قوموں کو ہلاک فرما دیا تھا

عظمتِ تورات

ع ۴ ۱۴ ۷

1 ..... یہ وہ بنیادی مقصد ہے جس کیلئے یہ سارا واقعہ بیان کیا گیا کہ گزشتہ قوموں کے واقعات اور ان کے عروج و زوال سے عبرت حاصل کی جائے اور اپنی حالت کو سدھارا جائے۔ ہمیں بھی قرآنی واقعات کو عبرت کی نگاہ سے پڑھنا چاہئے۔

2 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ دنیا میں فرعون اور اس کی قوم پر رسوائی اور رحمت سے دوری لازم کر دی۔

www.dawateislami.net

بَصَآىِٕرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّ رَحْمَةً

بَصَآىِٕرَ	لِلنَّاسِ	وَ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةً
(اس کتاب میں) دل کی آنکھیں کھولنے والی باتیں (ہیں)	لوگوں کیلئے	اور	ہدایت	اور	رحمت (ہے)

(موسیٰ کو وہ کتاب دی) جس میں لوگوں کے دلوں کی آنکھیں کھولنے والی باتیں اور ہدایت اور رحمت ہے

لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ

لَّعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ (1)	وَ	مَا كُنْتَ	بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ (2)	اِذْ	قَضَيْنَآ
تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں	اور	تم نہ تھے	(طور کی) مغربی جانب میں	جب	ہم نے بھیجا

تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ○ اور تم اس وقت طور کی مغربی جانب میں نہ تھے جب ہم نے

اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾ لٰكِنَّآ

اِلٰى مُوْسَى	الْاَمْرَ	وَ	مَا كُنْتَ	مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾	وَ	لٰكِنَّآ
موسیٰ کی طرف	حکم	اور	تم نہ تھے	(اس وقت) موجود لوگوں میں سے	اور	لیکن (ہوا یہ کہ)

موسیٰ کی طرف حکم بھیجا اور اس وقت تم موجود نہ تھے ○ لیکن (ہوا یہ) کہ

اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ

اَنْشَاْنَا	قُرُوْنًا	فَتَطَاوَلَ	عَلَيْهِمُ	الْعُمُرُ	وَ	مَا كُنْتَ
ہم نے پیدا کیں	بہت سی قومیں	تو لمبی ہو گئیں	ان پر	عمریں	اور	تم نہ تھے

ہم نے بہت سی قومیں پیدا کیں تو ان کی عمریں لمبی ہو گئیں اور نہ تم

ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا

ثَاوِيًا	فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ	تَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَ	لٰكِنَّا
ٹھہرے ہوئے	اہلِ مدین میں	تلاوت کرتے ہوئے	ان پر	ہماری آیتیں	اور	لیکن

اہلِ مدین میں ان پر ہماری آیتیں پڑھتے ہوئے مقیم تھے لیکن

1 ..... یہاں نصیحت حاصل کرنے سے مراد یہ ہے کہ بنی اسرائیل فرعون سے نجات پانے کی نعمت کو یاد کریں اور تورات کے احکام پر عمل کریں۔

2 ..... یہاں سے وہ انعام بیان کیا جا رہا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ان واقعات کی وحی فرمائی اور ان غیبی علوم کے ساتھ خاص فرمایا جو آپ نہیں جانتے تھے۔

www.dawateislami.net

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا

كُنَّا	مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٥﴾	وَ	مَا كُنْتَ	بِجَانِبِ الطُّوْرِ	اِذْ	نَادَيْنَا
ہم ہیں	(تجھے) رسول بنانے والے	اور	تم نہ تھے	طور کے کنارے پر	جب	ہم نے ندا فرمائی

ہم رسول بھیجنے والے ہیں ○ اور نہ تم اس وقت طور کے کنارے پر تھے جب ہم نے (موسیٰ کو) ندا فرمائی،

وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ

وَ	لٰكِنْ	رَّحْمَةً[1]	مِّنْ رَّبِّكَ	لِتُنْذِرَ
اور	لیکن	رحمت (ہے)	تمہارے رب کی طرف سے	(کہ تمہیں رسول بنایا) تاکہ تم ڈر سناؤ

لیکن تمہارے رب کی طرف سے رحمت ہے تاکہ تم اس قوم کو

قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾

قَوْمًا[2]	مَّآ اَتٰىهُمْ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾
(اس) قوم (کو)	جن کے پاس نہیں آیا	کوئی ڈر سنانے والا	تم سے پہلے	تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں

ڈراؤ جس کے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا یہ امید کرتے ہوئے کہ وہ نصیحت حاصل کریں ○

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ

وَ	لَوْلَآ	اَنْ	تُصِيْبَهُمْ	مُّصِيْبَةٌۢ	بِمَا	قَدَّمَتْ
اور	اگر نہ ہوتا	یہ کہ	پہنچتی انہیں	کوئی مصیبت	(اس کے) سبب جو	آگے بھیجا

اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ لوگوں کو ان کے ہاتھوں کے آگے بھیجے ہوئے اعمال کی وجہ سے

اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا

اَيْدِيْهِمْ	فَيَقُوْلُوْا	رَبَّنَا	لَوْلَآ	اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا
ان کے ہاتھوں (نے)	تو وہ کہتے	اے ہمارے رب	کیوں نہیں	تو نے بھیجا	ہماری طرف

(جب جہنم کی) مصیبت پہنچتی تو وہ کہتے: اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول

کفار پر اتمامِ حجت

1 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ اے حبیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے واقعات کے وقت آپ موجود نہیں تھے اور نہ وہ واقعات کسی کتاب سے آپ پر پڑھے گئے تھے، لیکن ہم نے آپ کو مبعوث فرمایا اور ان واقعات کی خبریں دیں یہ ہماری رحمت ہے تاکہ جن لوگوں کی طرف آپ کو رسول بنا کر بھیجا گیا ہے انہیں آپ عذابِ الٰہی سے ڈرائیں اور ان کے سامنے آپ کی نبوت پر دلیل قائم ہو۔

2 ..... اس قوم سے مراد اہلِ مکہ ہیں، ان کے پاس نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے پہلے کوئی رسول تشریف نہیں لائے۔

www.dawateislami.net

رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰیٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾

رَسُوْلًا	فَنَتَّبِعَ	اٰیٰتِكَ	وَ	نَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾
کوئی رسول	(اگر ایسا ہوتا) تو ہم پیروی کرتے	تیری آیتوں (کی)	اور	ہم ہو جاتے	ایمان والوں میں سے

کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ایمان والوں میں سے ہو جاتے ○

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَاۤ

فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوْا	لَوْلَاۤ
پھر جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	(تو) انہوں نے کہا	کیوں نہیں

پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آیا تو انہوں نے کہا: اس (نبی) کو

اُوْتِیَ مِثْلَ مَاۤ اُوْتِیَ مُوْسٰى ؕ اَوَ لَمْ یَكْفُرُوْا

اُوْتِیَ	مِثْلَ[1]	مَاۤ	اُوْتِیَ	مُوْسٰى	اَوَ لَمْ یَكْفُرُوْا
اسے دیا گیا	(اس کی) مثل	جو	دیا گیا	موسیٰ (کو)	اور کیا انہوں نے انکار نہیں کیا تھا

اس جیسا کیوں نہ دیدیا گیا جیسا موسیٰ کو دیا گیا تھا؟ کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا تھا

بِمَاۤ اُوْتِیَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا

بِمَاۤ	اُوْتِیَ	مُوْسٰى	مِنْ قَبْلُ	قَالُوْا
(اس) کا جو	دیا گیا	موسیٰ (کو)	پہلے	انہوں نے کہا

جو پہلے موسیٰ کو دیا گیا؟ انہوں نے کہا:

سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَ قَالُوْۤا اِنَّا بِكُلٍّ

سِحْرٰنِ[2]	تَظٰهَرَا	وَ	قَالُوْۤا	اِنَّا	بِكُلٍّ
(یہ) دو جادو (ہیں)	انہوں نے ایک دوسرے کی مدد کی	اور	انہوں نے کہا	بیشک ہم	سب کا

یہ دو جادو ہیں جو ایک دوسرے کے مددگار ہیں اور انہوں نے کہا: بیشک ہم ان سب کا

کفارِ مکہ کا یہودیوں سے سیکھا ہوا ایک اعتراض اور اس کا جواب

1 .....یہودیوں نے کفارِ قریش کو حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ایسے معجزات مانگنے کا کہا جیسے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام لے کر آئے تھے۔ ان کے مطالبہ کرنے پر یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ کیا ان یہودیوں نے اس سے پہلے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے معجزات کا انکار نہیں کیا تھا اور جب وہ خود منکر ہیں تو حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ویسے معجزات کا سوال کرنے کا کیسے کہہ رہے ہیں۔ 2 .....کفارِ قریش نے یہودی سرداروں سے معلوم کروایا کہ محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بارے میں سابقہ کتابوں میں کوئی خبر ہے؟ انہوں نے ہاں میں جواب دیا تو کفارِ قریش کہنے لگے کہ (تفسیر صراط الجنان، ج۷، ص۲۰۴)

www.dawateislami.net

كُفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى

كُفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾	قُلْ	فَاْتُوْا (1) بِكِتٰبٍ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	هُوَ	اَهْدٰى
انکار کرنے والے (ہیں)	تم کہو	لے آؤ کوئی کتاب	اللہ کے پاس سے	وہ	زیادہ ہدایت والی (ہو)

انکار کرنے والے ہیں ○ تم فرماؤ: اگر تم سچے ہو تو اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ان دونوں کتابوں سے

مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَاِنْ

مِنْهُمَآ	اَتَّبِعْهُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾	فَاِنْ
ان دونوں سے	میں پیروی کرلوں گا اس کی	اگر	تم ہو	سچے	پھر اگر

زیادہ ہدایت والی ہو میں اس کی پیروی کرلوں گا ○ پھر اگر

لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ

لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكَ	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يَتَّبِعُوْنَ
وہ قبول نہ کریں	تمہاری (اس بات) کو	تو جان لو	(کہ) صرف	وہ پیچھے چل رہے ہیں

وہ یہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو جان لو کہ بس وہ اپنی خواہشوں ہی کی

اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ

اَهْوَآءَهُمْ	وَ	مَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنِ	اتَّبَعَ	هَوٰىهُ
اپنی خواہشوں (کے)	اور	کون	زیادہ گمراہ	(اس) سے جس نے	پیروی کی	اپنی خواہش (کی)

پیروی کر رہے ہیں اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون جو اللہ کی طرف سے ہدایت کے بغیر

بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾ ع

بِغَيْرِ	هُدًى مِّنَ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾
بغیر	اللہ کی طرف سے ہدایت (کے)	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں (کو)

اپنی خواہش کی پیروی کرے۔ بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) تورات اور قرآن دونوں جادو اور ایک دوسرے کی مددگار ہیں۔ ❶ ..... یعنی اے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ مشرکوں سے فرمادیں کہ اگر تم تورات و قرآن کا انکار کرتے ہو اور انہیں جادو کہنے میں سچے ہو تو پھر اللہ تعالیٰ کے پاس سے ایسی کتاب لے آؤ جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت دینے والی ہو۔ اگر وہ آپ کے چیلنج کو قبول نہ کریں اور ایسی کتاب نہ لاسکیں تو آپ جان لیں کہ یہ کفر کی جس سواری پر سوار ہیں اس کی ان کے پاس کوئی حجت نہیں ہے اور بس وہ اپنی خواہشوں ہی کی پیروی کر رہے ہیں حالانکہ اس سے بڑھ کر گمراہ کوئی نہیں جو خلافِ ہدایت اپنی خواہش کی پیروی کرے۔

www.dawateislami.net

قرآن مجید بتدریج نازل کرنے کی ایک حکمت

وَ لَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾

وَ	لَقَدْ	وَصَّلْنَا(1)	لَهُمُ	الْقَوْلَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾
اور	ضرور بیشک	ہم نے لگاتار بھیجا	ان کے لیے	قول (کلام)	تاکہ وہ	نصیحت مانیں

اور بیشک ہم نے ان کے لیے کلام مسلسل بھیجا تاکہ وہ نصیحت مانیں ○

صالحین اہل کتاب کا ایمان لانا اور اس کی قسمیں

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ

اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ(2)	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِهٖ	هُمْ	بِهٖ
وہ لوگ جو	ہم نے عطا کی انہیں	کتاب	اس (قرآن) سے پہلے	وہ	اس پر

جن لوگوں کو ہم نے اس (قرآن) سے پہلے کتاب دی وہ اس پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾	وَ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا
ایمان لاتے ہیں	اور	جب	وہ (قرآن) پڑھا جاتا ہے	ان پر	(تو) کہتے ہیں	ہم ایمان لائے

ایمان لاتے ہیں ○ اور جب ان پر یہ قرآن پڑھا جاتا ہے تو کہتے ہیں: ہم اس پر

اَلنصف

بِهٖۤ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَاۤ اِنَّا كُنَّا

بِهٖۤ	اِنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّنَاۤ	اِنَّا	كُنَّا
اس پر	بیشک وہ	حق (ہے)	ہمارے رب کی طرف سے	بیشک ہم	ہو چکے تھے

ایمان لائے، بیشک یہی ہمارے رب کے پاس سے حق ہے۔ ہم اس (قرآن) سے پہلے ہی

مومنین اہل کتاب کو دگنے اجر کی بشارت

مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓىِٕكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ

مِنْ قَبْلِهٖ	مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾	اُولٰٓىِٕكَ	يُؤْتَوْنَ	اَجْرَهُمْ
اس (قرآن) سے پہلے	فرمانبرداری کرنے والے	یہ لوگ	انہیں دیا جائے گا	ان کا اجر

فرمانبردار ہو چکے تھے ○ ان کو ان کا اجر دُگنا

1 ..... اس آیت میں قرآن مجید کو یکبارگی نازل نہ کرنے کی حکمت بیان ہوئی کہ ہم نے کفار قریش کے لیے اپنا کلام مسلسل بھیجا جس میں جنت کے وعدے، عذابِ جہنم کی وعید، سابقہ قوموں کے واقعات، عبرتوں اور نصیحتوں پر مشتمل آیات نازل ہوئیں تاکہ یہ لوگ بار بار سن کر نصیحت حاصل کریں اور ایمان لائیں، اگر ایک ہی بار پورا قرآن نازل کر دیا جاتا تو انہیں نصیحت حاصل کرنے کے اتنے مواقع میسر نہ ہوتے۔ 2 ..... یہ آیات حضرت عبد اللہ بن سلام اور ان کے ساتھیوں کے حق میں نازل ہوئیں اور ایک قول یہ ہے کہ یہ ان اہلِ کتاب کے حق میں نازل ہوئیں جو حبشہ سے آکر سیِّدُ المرسلین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لائے۔

www.dawateislami.net

مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ

مَّرَّتَيْنِ	بِمَا	صَبَرُوْا	وَ	يَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ(1)
دو مرتبہ، دگنا	(اس کے) بدلے کہ	انہوں نے صبر کیا	اور	وہ دور کرتے ہیں	بھلائی سے

دیا جائے گا کیونکہ انہوں نے صبر کیا اور یہ برائی کو بھلائی سے

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِذَا

السَّيِّئَةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾	وَ	اِذَا
برائی (کو)	اور	(اس میں) سے جو	ہم نے رزق دیا انہیں	وہ خرچ کرتے ہیں	اور	جب

دور کرتے ہیں اور ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں ○ اور جب

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ

سَمِعُوا	اللَّغْوَ	اَعْرَضُوْا	عَنْهُ	وَ	قَالُوْا	لَنَآ
وہ سنتے ہیں	بیہودہ بات	(تو) منہ پھیر لیتے ہیں	اس سے	اور	کہتے ہیں	ہمارے لیے

بیہودہ بات سنتے ہیں اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمارے لیے

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۫ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۫

اَعْمَالُنَا	وَ	لَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ
ہمارے اعمال (ہیں)	اور	تمہارے لیے	تمہارے اعمال (ہیں)	(بس دور سے) سلام	تم پر

ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں۔ بس تمہیں سلام،

لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ

لَا نَبْتَغِي	الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾	اِنَّكَ	لَا تَهْدِيْ(2)	مَنْ
ہم نہیں چاہتے	جاہلوں (کا ساتھ)	بیشک تم	(اپنی طرف سے) ہدایت نہیں دے سکتے	جسے

ہم جاہلوں کا ساتھ نہیں چاہتے ○ بیشک ایسا نہیں ہے کہ تم جسے چاہو اسے اپنی طرف سے

1 ..... برائی کو بھلائی سے دور کرنے سے مراد طاعت سے معصیت کو یا، حلم سے ایذاء کو یا، وحدانیتِ الٰہی کی گواہی دے کر شرک کو دور کرنا ہے۔ 2 ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ہدایت دینے کی نفی سے مراد یہ ہے کہ آپ ذاتی طور پر کسی کو ہدایت نہیں دے سکتے یعنی اس کے دل میں ہدایت پیدا نہیں کر سکتے کیونکہ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی شان ہے، ہاں اللہ تعالیٰ کے حکم و عطا سے آپ سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہیں جیسا کہ سورۂ شوریٰ کی آیت 52 میں فرمایا کہ "اِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ" بیشک تم ضرور سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتے ہو۔ البتہ اللہ تعالیٰ کی عطا سے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کسی کے دل کو کفر

www.dawateislami.net

اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

اَحْبَبْتَ(1)	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	هُوَ	اَعْلَمُ
تم چاہو	اور	لیکن	اللہ	ہدایت دیدیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ	خوب جانتا ہے

ہدایت دید و لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیدیتا ہے اور وہ ہدایت والوں کو

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾	وَ	قَالُوْٓا	اِنْ	نَّتَّبِعِ(2)	الْهُدٰى	مَعَكَ
ہدایت والوں کو	اور	(کافروں نے) کہا	اگر	ہم پیروی کریں	ہدایت (کی)	تمہارے ساتھ

خوب جانتا ہے ○ اور (کافر) کہتے ہیں: (اے محمد!) اگر ہم تمہارے ساتھ (مل کر) ہدایت کی پیروی کریں

نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا

نُتَخَطَّفْ	مِنْ اَرْضِنَا	اَوَلَمْ نُمَكِّنْ	لَّهُمْ	حَرَمًا اٰمِنًا
(تو) ہمیں اچک لیا جائے گا	ہماری زمین سے	اور کیا ہم نے ٹھکانہ نہ دیا	ان کو	امان والے حرم (میں)

تو ہمیں ہماری سرزمین سے اچک لیا جائے گا۔ کیا ہم نے انہیں امن و امان والی جگہ حرم میں ٹھکانہ نہ دیا

يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ

يُّجْبٰٓى	اِلَيْهِ	ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ	رِّزْقًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَ
لائے جاتے ہیں	اس کی طرف	ہر چیز کے پھل	(جو) رزق (ہے)	ہماری طرف سے	اور

جس کی طرف ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں (جو) ہماری طرف کا رزق ہے

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ

لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾	وَ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ
لیکن	ان میں اکثر	جانتے نہیں	اور	کتنے	ہم نے ہلاک کر دیئے	شہر

لیکن ان میں اکثر جانتے نہیں ○ اور کتنے شہر ہم نے ہلاک کر دیئے

اطاعتِ رسول میں اپنا نقصان سمجھنے والوں کو جواب

سابقہ قوموں کے انجام سے کفارِ قریش کو تنبیہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) سے ایمان کی طرف پلٹ سکتے ہیں، جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے: حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تین بار شیبہ بن عثمان کے سینے پر ہاتھ مارا اور ہر بار یہ دعا کی کہ اے اللہ! شیبہ کو ہدایت عطا کر دے۔ تیسری مرتبہ میں جب ہاتھ اٹھایا تو شیبہ کی نظر میں حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے زیادہ اور کوئی محبوب نہ تھا (پھر آپ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے)۔ (معجم الکبیر، ۷/۲۹۸، الحدیث: ۷۱۹۱) 1 ..... مفسرین کا اس بات پر اجماع ہے کہ یہ آیت ابو طالب کے بارے میں نازل ہوئی اور اس کا معنی یہ ہے کہ اے حبیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، آپ اپنے چچا کے ایمان نہ لانے کا غم نہ کریں، آپ اپنا تبلیغ کا فریضہ ادا کر چکے، ہدایت دینا اور دل میں ایمان کا ↑

www.dawateislami.net

بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

بَطِرَتْ	مَعِيْشَتَهَا	فَتِلْكَ	مَسٰكِنُهُمْ	لَمْ تُسْكَنْ
(جو) اترانے لگے تھے	اپنی خوشحالی، عیش (پر)	تو یہ	ان کے مکانات (ہیں)	رہائش نہیں رکھی گئی

جو اپنے عیش پر اِترانے لگے تھے تو یہ ان کے مکانات ہیں جن میں ان کے بعد

قوموں کی تباہی سے متعلق قانونِ الٰہی

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَ كُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَ مَا كَانَ

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	وَ	كُنَّا	نَحْنُ	الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾	وَ مَا كَانَ
ان کے بعد	مگر	بہت کم	اور	ہیں	ہم (ہی)	وارث	اور نہیں ہے

بہت کم رہائش رکھی گئی اور ہم ہی وارث ہیں ○ اور تمہارا رب

رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْۤ اُمِّهَا

رَبُّكَ	مُهْلِكَ	الْقُرٰى	حَتّٰى	يَبْعَثَ	فِيْۤ اُمِّهَا
تمہارا رب	ہلاک کرنے والا	شہروں (کو)	یہاں تک کہ	بھیج دے	ان کے مرکزی شہر میں

شہروں کو ہلاک کرنے والا نہیں ہے جب تک ان کے مرکزی شہر میں

رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَ مَا كُنَّا مُهْلِكِى

رَسُوْلًا	يَّتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَ	مَا كُنَّا	مُهْلِكِى
رسول	وہ پڑھے	ان پر	ہماری آیتیں	اور	ہم نہیں ہیں	ہلاک کرنے والے

رسول نہ بھیجے جو ان پر ہماری آیتیں پڑھے اور ہم شہروں کو ہلاک کرنے والے

دنیا و آخرت کی نعمتوں کا تقابل

الْقُرٰۤى اِلَّا وَ اَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ مَاۤ اُوْتِيْتُمْ

الْقُرٰۤى	اِلَّا	وَ	اَهْلُهَا	ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ (۱)	وَ مَاۤ	اُوْتِيْتُمْ
شہروں (کو)	مگر	اور (جبکہ)	ان کے رہنے والے	ظالم (ہوں)	اور جو	تمہیں دی گئی

نہیں ہیں مگر (اسی وقت) جب ان کے رہنے والے ظالم ہوں ○ اور (اے لوگو!) جو کچھ چیز تمہیں دی گئی ہے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) نور پیدا کرنا آپ کا فعل نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے اور اسے خوب معلوم ہے کہ کسے یہ دولت دینی ہے اور کسے نہیں۔ ❷ ..... نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی اطاعت سے امن نصیب ہوتا اور ان کی مخالفت سے ہلاکت ہوتی ہے، اس کے برعکس سمجھنا کہ اطاعت سے بدامنی ہوگی اور مخالفت سے امن ملے گا کفار کا طریقہ ہے۔ جیسا کہ آیت میں کفار نے ایسا ہی خدشہ پیش کیا ہے۔ ❶ ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تشریف آوری سے پہلے کی وہ بستیاں جو اجڑی ہوئی اور ویران نظر آرہی ہیں اور فی زمانہ بھی ان میں سے کئی بستیوں کے آثار باقی ہیں، یہ بغیر کسی وجہ کے تباہ و برباد نہیں کی گئیں بلکہ ان میں بھی رسول عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام آئے

www.dawateislami.net

مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ زِیْنَتُهَا ۚ وَ مَا

مِّنْ شَیْءٍ	فَمَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا (1)	وَ	زِیْنَتُهَا	وَ	مَا
کوئی چیز	تو (وہ) دنیوی زندگی کا سامان	اور	اس کی زینت (ہے)	اور	جو (ثواب)

تو وہ دنیوی زندگی کا ساز و سامان اور اس کی زینت ہے اور جو (ثواب)

مومن اور کافر برابر نہیں

عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَفَمَنْ

عِنْدَ اللّٰهِ	خَیْرٌ	وَّ	اَبْقٰی	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾	اَفَمَنْ
اللہ کے پاس (ہے)	(وہ) بہتر	اور	زیادہ باقی رہنے والا (ہے)	تو کیا تم سمجھتے نہیں	تو کیا وہ شخص جو

اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ ○ تو وہ شخص جس سے

وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِیْهِ

وَّعَدْنٰهُ	وَعْدًا حَسَنًا (2)	فَهُوَ	لَاقِیْهِ
ہم نے وعدہ کیا اس سے	اچھا وعدہ	پھر وہ	ملنے والا (بھی) ہے اس (وعدے) سے

ہم نے اچھا وعدہ کیا ہوا ہے پھر وہ اس (وعدے) سے ملنے والا (بھی) ہے

کَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ثُمَّ هُوَ

کَمَنْ	مَّتَّعْنٰهُ	مَتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا	ثُمَّ	هُوَ
(وہ اس) شخص جیسا ہے جو	ہم نے فائدہ اٹھانے کو دیا اسے	دنیوی زندگی کا ساز و سامان	پھر	وہ

کیا وہ اس شخص جیسا ہے جسے ہم نے (صرف) دنیوی زندگی کا ساز و سامان فائدہ اٹھانے کو دیا ہو پھر وہ

بروزِ قیامت کفار سے سوال اور کافر سرداروں کا اعلانِ براءت

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿۶۱﴾ وَ یَوْمَ یُنَادِیْهِمْ

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿۶۱﴾	وَ	یَوْمَ	یُنَادِیْهِمْ
قیامت کے دن	گرفتار کر کے حاضر کئے جانے والوں میں سے (ہو)	اور	(جس) دن	(اللہ) ندا کرے گا انہیں

قیامت کے دن گرفتار کر کے حاضر کئے جانے والوں میں سے ہو ○ اور یاد کرو جس دن (اللہ) انہیں ندا کرے گا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) جنہوں نے ان کے باسیوں تک پیغامِ الٰہی پہنچایا اور انہیں وحدانیتِ الٰہی کو ماننے اور صرف عبادتِ الٰہی کرنے کی دعوت دی، لیکن جب انہوں نے رسولوں عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بات ماننے کی بجائے انہیں جھٹلایا اور اپنے کفر و شرک پر اڑے رہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اس ظلم کی وجہ سے انہیں ہلاک اور ان کے شہروں، بستیوں کو تباہ و برباد کر دیا۔ (1) ..... یہاں بطورِ خاص کفارِ مکہ سے اور عمومی طور پر تمام لوگوں سے فرمایا گیا کہ اے لوگو! تمہیں جو کچھ دیا گیا ہے وہ دنیاوی زندگی کا ساز و سامان اور اس کی زینت ہے جس کی بقا بہت تھوڑی اور آخر کار فنا ہونا ہے جبکہ جو ثواب اور اُخروی منافع اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں وہ بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں

www.dawateislami.net

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ

فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾	قَالَ
تو فرمائے گا	کہاں ہیں	میرے شریک	جنہیں	تم (میرا شریک) سمجھتے تھے	کہیں گے

تو فرمائے گا: کہاں ہیں میرے وہ شریک جنہیں تم سمجھتے تھے ○ وہ لوگ

الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ
وہ لوگ جو	ثابت ہو چکا	ان پر	(دخولِ جہنم کا) قول	اے ہمارے رب	یہی ہیں	وہ لوگ جنہیں

جن پر قول ثابت ہو چکا ہے وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی ہیں وہ جنہیں

اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ

اَغْوَيْنَا	اَغْوَيْنٰهُمْ	كَمَا	غَوَيْنَا(1)	تَبَرَّاْنَآ
ہم نے گمراہ کیا	ہم نے گمراہ کیا انہیں	جیسے	ہم گمراہ ہوئے	ہم (ان سے) بیزار ہو کر رجوع لائے

ہم نے گمراہ کیا۔ ہم نے انہیں ایسے ہی گمراہ کیا جیسے ہم خود گمراہ ہوئے تھے۔ ہم (ان سے) بیزار ہو کر

اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ

اِلَيْكَ	مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾	وَ	قِيْلَ(2)	ادْعُوْا	شُرَكَآءَكُمْ
تیری طرف	وہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے	اور	فرمایا جائے گا	پکارو	اپنے شریکوں (کو)

تیری طرف رجوع لاتے ہیں، یہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے ○ اور ان سے فرمایا جائے گا: اپنے شریکوں کو پکارو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَ	رَاَوُا	الْعَذَابَ
تو وہ پکاریں گے انہیں	تو وہ جواب نہ دیں گے	ان کو	اور	وہ دیکھیں گے	عذاب

تو وہ انہیں پکاریں گے تو وہ انہیں جواب نہ دیں گے اور یہ عذاب دیکھیں گے۔

مشرکین اور ان کے معبودوں کا حال

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کیونکہ جنت تمام پریشانیوں سے خالی اور کبھی ختم نہ ہونے والی ہے، تو کیا تمہیں یہ سمجھ نہیں کہ بہتر اور ہمیشہ رہنے والی نعمتوں کو فنا ہونے والی نعمتوں پر ترجیح دو۔ 2 ..... جسے اچھا وعدہ دیا گیا اس سے مومن اور دوسرے شخص سے کافر مراد ہے۔ 1 ..... اس سے ان کی مراد یہ ہوگی کہ جیسے ہم اپنے اختیار سے گمراہ ہوئے اسی طرح یہ بھی اپنے ہی اختیار سے گمراہ ہوئے کیونکہ ہم نے تو صرف انہیں بہکایا تھا گمراہی پر مجبور نہیں کیا تھا اس لئے ہماری اور ان کی گمراہی میں کوئی فرق نہیں۔ 2 ..... یعنی بتوں کے پجاریوں سے فرمایا جائے گا: ان بتوں کو پکارو، جنہیں تم اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہراتے تھے تاکہ وہ تمہیں عذابِ جہنم سے بچائیں،

www.dawateislami.net

بروزِ قیامت مشرکین کی بدحواسی

لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ

لَوْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٣﴾	وَ	يَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ
کیا ہی اچھا ہوتا	کہ وہ	ہدایت حاصل کر لیتے	اور	(جس) دن	(اللہ) ندا فرمائے گا انہیں

کیا اچھا ہوتا اگر یہ ہدایت حاصل کر لیتے ○ اور جس دن (اللہ) انہیں ندا فرمائے گا

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ

فَيَقُوْلُ	مَاذَآ	اَجَبْتُمُ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾	فَعَمِيَتْ	عَلَيْهِمُ
تو فرمائے گا	(اے لوگو) کیا	تم نے جواب دیا	رسولوں (کو)	تو اندھی (پوشیدہ) ہو جائیں گی	ان پر

تو فرمائے گا: (اے لوگو!) تم نے رسولوں کو کیا جواب دیا تھا؟ ○ تو اس دن ان پر خبریں

پچی توبہ کرنے والے کے لئے بشارت

الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ

الْاَنْۢبَآءُ (1)	يَوْمَئِذٍ	فَهُمْ	لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ (2)	فَاَمَّا	مَنْ
خبریں	اس دن	تو وہ	ایک دوسرے سے نہیں پوچھیں گے	تو بہر حال	وہ جس نے

اندھی ہو جائیں گی تو وہ ایک دوسرے سے نہیں پوچھیں گے ○ تو وہ جس نے

عظمت و شانِ الٰہی

تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ

تَابَ (3)	وَ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَعَسٰى	اَنْ	يَّكُوْنَ
توبہ کی	اور	ایمان لایا	اور	اس نے عمل کیا	اچھا	تو قریب ہے	کہ	وہ ہو گا

توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھا کام کیا تو قریب ہے کہ وہ

مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ

مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾	وَ	رَبُّكَ	يَخْلُقُ	مَا	يَشَآءُ	وَ
کامیاب ہونے والوں میں سے	اور	تمہارا رب	پیدا فرماتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	اور

کامیاب ہونے والوں میں سے ہو گا ○ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے اور

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) چنانچہ وہ ان بتوں کو پکاریں گے لیکن وہ انہیں جواب نہ دیں گے۔ (1) ..... خبریں اندھی ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس دن کفار کو کچھ یاد نہ رہے گا کہ انہوں نے رسولوں عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو کیا جواب دیا تھا اور انہیں کوئی عذر اور حجت نظر نہ آئے گی جسے بطورِ جواب پیش کر کے وہ نجات پا سکیں۔ (2) ..... ایک دوسرے سے نہ پوچھنے کی وجہ یہ ہو گی کہ وہ انتہائی دہشت کی وجہ سے ساکت رہ جائیں گے یا اس لئے نہ پوچھیں گے کہ جواب سے عاجز ہونے میں سب کے سب برابر ہیں خواہ وہ تابع ہوں یا متبوع، کافر ہوں یا کافر گر۔ (3) ..... اس آیت میں کفار کو دنیا میں ہی کفر و شرک سے توبہ کرنے، ایمان لانے اور نیک اعمال کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

www.dawateislami.net

يَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ تَعٰلٰى

يَخْتَارُ (۱)	مَا كَانَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَ	تَعٰلٰى
پسند فرماتا ہے	نہیں ہے	ان (مشرکوں) کے لئے	کچھ اختیار	اللہ پاک ہے	اور	بلند وبالا ہے

(جو چاہتا ہے) پسند کرتا ہے۔ ان (مشرکوں) کا کچھ اختیار نہیں۔ اللہ ان کے شرک سے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَ رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ

عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾	وَ	رَبُّكَ	يَعْلَمُ	مَا	تُكِنُّ
(اس) سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	اور	تمہارا رب	جانتا ہے	جو	چھپائے ہوئے ہیں

پاک اور بلند وبالا ہے ○ اور تمہارا رب جانتا ہے جو ان کے سینے

صُدُوْرُهُمْ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَ هُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ

صُدُوْرُهُمْ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾	وَ	هُوَ	اللّٰهُ	لَاۤ	اِلٰهَ
ان کے سینے	اور	جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور	وہی	اللہ (ہے)	نہیں	کوئی معبود

چھپائے ہوئے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں ○ اور وہی اللہ ہے جس کے سوا

اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ ۫ وَ لَهُ الْحُكْمُ

اِلَّا	هُوَ	لَهُ	الْحَمْدُ	فِي الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ	وَ	لَهُ	الْحُكْمُ
مگر	وہی	اسی کے لئے (ہیں)	تمام تعریفیں	دنیا اور آخرت میں	اور	اسی کا	حکم (ہے)

کوئی معبود نہیں۔ دنیا اور آخرت میں اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں اور اسی کا حکم ہے

وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

وَ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	جَعَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ
اور	اسی کی طرف	تمہیں لوٹایا جائے گا	تم کہو	بھلا دیکھو	اگر	بنادے	اللہ	تم پر

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ○ تم فرماؤ: بھلا دیکھو کہ اگر اللہ تم پر قیامت تک

علم الٰہی کی شان

شانِ الٰہی

رات اور دن سے قدرت و وحدانیت پر استدلال

1 ..... ولید بن مغیرہ نے کہا تھا اللہ تعالیٰ نے محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو نبوت کے لئے کیوں منتخب فرمایا ہے اور یہ قرآن مکہ اور طائف کے کسی بڑے شخص پر کیوں نہ اُتارا؟ اس وقت یہ آیت اتری اور فرمایا گیا کہ رسولوں عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا بھیجنا ان لوگوں کے اختیار سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ہے، اپنی حکمت وہی جانتا ہے انہیں اُس کی مرضی میں دخل دینے کی کیا مجال ہے۔

www.dawateislami.net

اَلَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

اَلَّيْلَ	سَرْمَدًا	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ
رات	ہمیشہ (کے لئے)	قیامت کے دن تک	(تو) کون	معبود (ہے)	اللہ کے سوا

ہمیشہ رات ہی بنادے تو اللہ کے سوا کون دوسرا معبود ہے

يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ

يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ	اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	جَعَلَ
جو لائے گا تمہارے پاس روشنی	تو کیا تم سنتے نہیں	تم کہو	بھلا دیکھو	اگر	بنادے

جو تمہارے پاس روشنی لائے گا تو کیا تم سنتے نہیں؟ ○ تم فرماؤ: بھلا دیکھو کہ اگر

اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ

اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ	النَّهَارَ	سَرْمَدًا	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ
اللہ	تم پر	دن	ہمیشہ (کے لئے)	قیامت کے دن تک	(تو) کون	معبود (ہے)

اللہ تم پر قیامت تک ہمیشہ دن ہی بنادے تو اللہ کے سوا

غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَ

غَيْرُ اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ	تَسْكُنُوْنَ	فِيْهِ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾	وَ
اللہ کے سوا	جو لے آئے تمہارے پاس رات	تم آرام کرو	اس میں	تو کیا تم دیکھتے نہیں	اور

اور کون معبود ہے جو تمہارے پاس رات لے آئے جس میں تم آرام کرو تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ ○ اور

رات اور دن کی نعمت عطا کرنے کی حکمتیں

مِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا

مِنْ رَّحْمَتِهٖ (1)	جَعَلَ	لَكُمُ	اَلَّيْلَ	وَ	النَّهَارَ	لِتَسْكُنُوْا
اپنی رحمت سے	اس نے بنائے	تمہارے لیے	رات	اور	دن	تاکہ تم آرام کرو

اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات اور دن بنائے کہ رات میں

(1) ..... اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن بنائے تاکہ تم رات میں آرام کرو، اپنے بدنوں کو راحت پہنچاؤ اور دن بھر کی محنت و مشقت سے ہونے والی تھکن دور کرو اور دن میں روزی تلاش کرو جو کہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور تم اپنی معاشی و کاروباری سرگرمیاں سرانجام دو اور تم پر یہ رحمت فرمانے کی حکمت یہ ہے کہ تم اس کی وجہ سے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کا حق مانو، اس کی وحدانیت کا اقرار کرو اور صرف اسی کی عبادت کرکے اس کی نعمتوں کا شکر بجالاؤ۔

www.dawateislami.net

فِيْهِ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

فِيْهِ	وَ	لِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾
اس (رات) میں	اور	تاکہ تم تلاش کرو (دن میں)	اس کا فضل	اور	تاکہ تم	(اس کا) شکر ادا کرو

آرام کرو اور (دن میں) اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم (اس کا) شکر ادا کرو ○

وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

وَ	يَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
اور	(جس) دن	(اللہ) ندا کرے گا انہیں	تو فرمائے گا	کہاں ہیں	میرے شریک	جنہیں

اور یاد کرو جس دن (اللہ) انہیں ندا کرے گا تو فرمائے گا: کہاں ہیں میرے وہ شریک جنہیں

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَ نَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾	وَ	نَزَعْنَا	مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ	شَهِيْدًا (۱)	فَقُلْنَا
تم (میرا شریک) سمجھتے تھے	اور	ہم نکال لیں گے	ہر گروہ میں سے	ایک گواہ	پھر فرمائیں گے

تم (میرا شریک) سمجھتے تھے ○ اور ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال لیں گے پھر فرمائیں گے:

هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَ

هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	فَعَلِمُوْٓا	اَنَّ	الْحَقَّ	لِلّٰهِ	وَ
لاؤ	اپنی دلیل	تو وہ جان لیں گے	کہ	حق	اللہ ہی کے لئے (ہے)	اور

اپنی دلیل لاؤ تو وہ جان لیں گے کہ حق اللہ ہی کیلئے ہے اور

ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ

ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾	اِنَّ	قَارُوْنَ (2)	كَانَ
گم ہو جائیں گی	ان سے	(وہ باتیں) جو	وہ گھڑتے تھے	بیشک	قارون	تھا

ان سے ان کی بنائی ہوئی جھوٹی باتیں گم ہو جائیں گی ○ بیشک قارون موسیٰ کی

1 ..... یہ گواہ اس امت کے رسول ہوں گے اور وہ اپنی اپنی اُمت پر اس بات کی گواہی دیں گے کہ انہوں نے ان لوگوں تک اللہ تعالیٰ کے پیغام پہنچائے اور انہیں نصیحتیں کیں۔ 2 ..... قارون حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے چچا یصہر کا بیٹا تھا، انتہائی خوب صورت اور حسین شکل والا ہونے کی وجہ سے لوگ اسے منور کہتے تھے۔ بنی اسرائیل میں تورات کا سب سے بہتر قاری تھا۔ ناداری کے زمانے میں نہایت عاجزی کرنے والا اور با اخلاق تھا، دولت ہاتھ آتے ہی اس کا حال تبدیل ہوا اور یہ بھی سامری کی طرح منافق ہو گیا۔ اس کے پاس اتنے خزانے تھے کہ ان کی چابیاں اُٹھانا ایک طاقتور جماعت پر بھاری پڑتا تھا۔

www.dawateislami.net

مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَ اٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ

مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى	فَبَغٰى	عَلَيْهِمْ	وَ	اٰتَيْنٰهُ	مِنَ الْكُنُوْزِ
موسیٰ کی قوم سے	پھر اس (قارون) نے زیادتی کی	قوم پر	اور	ہم نے عطا کیا اسے	خزانوں سے

قوم سے تھا پھر اس نے قوم پر زیادتی کی اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے

مَاۤ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ

مَاۤ	اِنَّ	مَفَاتِحَهٗ	لَتَنُوْٓاُ	بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ	اِذْ	قَالَ
جو	بیشک	اس کی چابیاں	ضرور بھاری تھیں	ایک قوت والی جماعت پر	جب	کہا

جن کی کنجیاں (اُٹھانا) ایک طاقتور جماعت پر بھاری تھیں۔ جب اس سے

لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ﴿۷۶﴾

لَهٗ	قَوْمُهٗ (1)	لَا تَفْرَحْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا یُحِبُّ	الْفَرِحِیْنَ ﴿۷۶﴾ (2)
اس سے	اس کی قوم (نے)	تم اتراؤ نہیں	بیشک	اللہ	پسند نہیں کرتا	اترانے والوں (کو)

اس کی قوم نے کہا: اِتراؤ نہیں، بیشک اللہ اِترانے والوں کو پسند نہیں کرتا ○

وَ ابْتَغِ فِیْمَاۤ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ ۪ وَ لَا تَنْسَ

وَ	ابْتَغِ	فِیْمَاۤ	اٰتٰىكَ	اللّٰهُ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	وَ	لَا تَنْسَ
اور	تو طلب کر	(اس مال) میں جو	عطا کیا تجھے	اللہ (نے)	آخرت کا گھر	اور	تو نہ بھول

اور جو مال تجھے اللہ نے دیا ہے اس کے ذریعے آخرت کا گھر طلب کر اور دنیا سے

نَصِیْبَكَ مِنَ الدُّنْیَا ۚ وَ اَحْسِنْ كَمَاۤ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَیْكَ ۪ وَ

نَصِیْبَكَ	مِنَ الدُّنْیَا	وَ	اَحْسِنْ	كَمَاۤ	اَحْسَنَ	اللّٰهُ	اِلَیْكَ	وَ
اپنا حصہ	دنیا سے	اور	احسان کر	جیسا	احسان کیا	اللہ (نے)	تجھ پر	اور

اپنا حصہ نہ بھول اور احسان کر جیسا اللہ نے تجھ پر احسان کیا اور

قارون کو نیک لوگوں کی نصیحت

1 ..... یہاں قوم سے مراد بنی اسرائیل کے مومن حضرات ہیں۔

2 ..... فرحین کا حقیقی معنی ہے "خوش ہونے والے" یہاں اس سے مراد فخر و تکبر کے طور پر خوش ہونے والے ہیں۔ یاد رہے کہ شکر کی خوشی یعنی اترانا حرام اور شکر کی خوشی عبادت ہے۔ جرم کر کے خوش ہونا حرام جبکہ عبادت کر کے خوش ہونا بہتر ہے۔ ناجائز طریقے سے خوشی منانا حرام ہے جیسے خوشی میں ناچ گانے کی محفل سجالینا جبکہ جائز طور سے خوشی منانا اچھا ہے جیسے خوشی میں صدقہ کرنا وغیرہ۔

www.dawateislami.net

لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾

لَا تَبْغِ	الْفَسَادَ	فِي الْاَرْضِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾
طلب نہ کر	فساد	زمین میں	بیشک	اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والوں (کو)

زمین میں فساد نہ کر، بے شک اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا ○

قَالَ اِنَّمَاۤ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ

قَالَ	اِنَّمَاۤ اُوْتِيْتُهٗ	عَلٰى عِلْمٍ (۱)	عِنْدِيْ
(قارون نے) کہا	مجھے دیا گیا یہ (مال) صرف	ایک علم (کی بنا) پر	(جو) میرے پاس (ہے)

(قارون نے) کہا: یہ تو مجھے ایک علم کی بنا پر ملا ہے جو میرے پاس ہے

اَوَ لَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ

اَوَ لَمْ يَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	قَدْ	اَهْلَكَ	مِنْ قَبْلِهٖ
اور کیا وہ نہیں جانتا	کہ	اللہ (نے)	تحقیق	ہلاک فرمادیں	اس سے پہلے

اور کیا اسے یہ نہیں معلوم کہ اللہ نے اس سے پہلے وہ قومیں

مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ

مِنَ الْقُرُوْنِ	مَنْ	هُوَ	اَشَدُّ	مِنْهُ	قُوَّةً	وَّ	اَكْثَرُ
قومیں	جو	وہ	زیادہ سخت (تھیں)	اس سے	قوت (میں)	اور	(اس سے) زیادہ (تھیں)

ہلاک فرمادیں جو زیادہ طاقتور اور زیادہ مال

جَمْعًا ؕ وَ لَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾

جَمْعًا	وَ	لَا يُسْـَٔلُ (۲)	عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾
(مال) جمع کرنے (میں)	اور	پوچھا نہیں جاتا	مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں

جمع کرنے والی تھیں اور مجرموں سے ان کے گناہوں کی پوچھ گچھ نہیں کی جاتی ○

قارون کا جواب اور اللہ تعالیٰ کی تنبیہ

(۱) ..... اس سے ایک قول کے مطابق علم کیمیا مراد ہے جو قارون نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے حاصل کیا جس کے ذریعے سے وہ ایک نرم دھات رانگ کو چاندی جبکہ تانبے کو سونا بنالیتا تھا۔ یا، اس سے تجارت، زراعت اور پیشوں کا علم مراد ہے۔ قارون کے ان جملوں میں خود پسندی کا عنصر بالکل واضح ہے۔ یہ انتہائی مذموم ہے، حدیثِ پاک میں ہے: خود پسندی ستر سال کے اعمال برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔ (کنز العمال، ۲/۲۰۵، الجزء الثالث، الحدیث: ۷۲۶۶) (۲) ..... اس سے مراد یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ مجرموں کو سزا دیتا ہے تو اسے ان کے گناہ دریافت کرنے کی حاجت نہیں کیونکہ وہ ان کا حال جانتا ہے۔ دوسری آیات میں جو پوچھنے

www.dawateislami.net

قارون کا جاہ و جلال دیکھ کر عوام کی تمنا

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ

فَخَرَجَ	عَلٰى قَوْمِهٖ	فِيْ زِيْنَتِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ
تو وہ (قارون) نکلا	اپنی قوم پر (کے سامنے)	اپنی زینت میں	(تو) کہنے لگے	وہ لوگ جو	چاہتے ہیں

تو وہ اپنی زینت میں اپنی قوم کے سامنے نکلا تو دنیاوی زندگی کے طلبگار

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَاۤ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (۱)	يٰلَيْتَ	لَنَا	مِثْلَ	مَاۤ	اُوْتِيَ	قَارُوْنُ
دنیاوی زندگی	اے کاش	ہمارے لئے (بھی ہوتا)	(اس کی) مثل	جو	دیا گیا	قارون (کو)

کہنے لگے: اے کاش ہمیں بھی ایسا مل جاتا جیسا قارون کو ملا

علماء کی عوام کو تنبیہ و نصیحت

اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اِنَّهٗ	لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
بیشک وہ	ضرور بڑے نصیب والا (ہے)	اور	کہا	ان لوگوں نے جنہیں	دیا گیا	علم

بیشک یہ بڑے نصیب والا ہے ○ اور جنہیں علم دیا گیا تھا انہوں نے کہا:

وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ

وَيْلَكُمْ	ثَوَابُ اللّٰهِ	خَيْرٌ	لِّمَنْ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ
تمہاری خرابی ہو	اللہ کا ثواب	بہتر (ہے)	(اس) کے لیے جو	ایمان لایا	اور	اس نے عمل کیا

تمہاری خرابی ہو، اللہ کا ثواب بہتر ہے اس آدمی کے لیے جو ایمان لائے اور اچھے کام

قارون کا عبرتناک انجام

صَالِحًا ۚ وَ لَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ

صَالِحًا	وَ	لَا يُلَقّٰىهَاۤ	اِلَّا	الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾	فَخَسَفْنَا	بِهٖ
اچھا	اور	نہیں دیا جائے گا وہ ثواب	مگر	صبر کرنے والوں (کو)	تو ہم نے دھنسا دیا	اس کو

کرے اور یہ انہیں کو دیا جائے گا جو صبر کرنے والے ہیں ○ تو ہم نے اسے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کا ذکر ہے وہ اس کے علاوہ اوقات میں ہوگا اور وہ معلومات کیلئے نہیں بلکہ ڈانٹ ڈپٹ کے لئے ہوگا۔

1 ..... یہاں دنیاوی زندگی کے طلبگاروں سے بنی اسرائیل کے عام مسلمان مراد ہیں، ان کا قارون جیسی شان و شوکت اور مال و دولت کی تمنا کرنا بشری تقاضے سے تھا اور یہ کفر یا گناہِ کبیرہ نہیں۔ دنیاوی نعمتوں میں غبطہ کرنا یعنی کسی کی دولت وغیرہ پر اس کے زوال کی خواہش کے بغیر رشک کرنا اور اس میں برابری کی تمنا کرنا بھی اس صورت میں منع ہے جبکہ دنیا یا مال کی محبت کے طور پر ہو، اگر ایسا نہیں تو یہ تمنا جائز ہے، البتہ حسد یعنی یہ تمنا کرنا کہ دوسرے سے نعمت زائل ہو کر

www.dawateislami.net

وَ بِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ

وَ	بِدَارِهٖ	الْاَرْضَ(1)	فَمَا كَانَ	لَهٗ	مِنْ فِئَةٍ	يَّنْصُرُوْنَهٗ
اور	اس کے گھر کو	زمین (میں)	تو نہ تھا	اس کے لیے	کوئی گروہ	جو مدد کرتا اس کی

اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا تو اس کے پاس کوئی جماعت نہ تھی جو اللہ کے مقابلے میں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَ اَصْبَحَ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَ	مَا كَانَ	مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾	وَ	اَصْبَحَ
اللہ کے مقابلے میں	اور	نہ وہ (خود) ہو سکا	بدلہ لینے والوں، بچانے والوں سے	اور	صبح کے وقت ہو گئے

اس کی مدد کرتی اور نہ وہ خود (اپنی) مدد کر سکا ○ اور گزشتہ کل

الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ

الَّذِيْنَ	تَمَنَّوْا	مَكَانَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَقُوْلُوْنَ
وہ لوگ جنہوں نے	تمنا کی تھی	اس (قارون) کے مقام و مرتبے (کی)	گزشتہ کل	کہنے لگے

جو اس کے مقام و مرتبہ کی آرزو کرنے والے تھے وہ کہنے لگے:

وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

وَيْكَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ
عجیب بات ہے کہ	اللہ	وسیع کرتا ہے	رزق	جس کیلئے	وہ چاہتا ہے

عجیب بات ہے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کیلئے چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ ۚ لَوْلَاۤ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ

مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ	لَوْلَاۤ	اَنْ	مَّنَّ اللّٰهُ
اپنے بندوں میں سے	اور	تنگ کر دیتا ہے	اگر نہ ہوتا	یہ کہ	احسان فرمایا اللہ (نے)

رزق وسیع کرتا ہے اور تنگ فرما دیتا ہے۔ اگر اللہ ہم پر احسان

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اسے مل جائے، یہ حرام ہے۔

1 ..... قارون اور اس کے خزانوں کو زمین میں دھنسائے جانے کا تفصیلی واقعہ تفسیر صراط الجنان، ج7، ص328 پر ملاحظہ فرمائیں۔

قارون کا انجام دیکھ کر تمنا کرنے والوں کی ندامت

www.dawateislami.net

ع ٨ ١١

عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع

عَلَيْنَا	لَخَسَفَ	بِنَا	وَيْكَاَنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾
ہم پر	(تو)ضرور وہ دھنسا دیتا	ہمیں (بھی)	عجیب بات ہے کہ	کامیاب نہیں ہوتے	کفر کرنے والے

نہ فرماتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا۔ بڑی عجیب بات ہے کہ کافر کامیاب نہیں ہوتے ○

جنت کے مستحق لوگ

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا

تِلْكَ	الدَّارُ الْاٰخِرَةُ(1)	نَجْعَلُهَا	لِلَّذِيْنَ	لَا يُرِيْدُوْنَ	عُلُوًّا
یہ	آخرت کا گھر	ہم بناتے ہیں اسے	ان لوگوں کے لیے جو	نہیں چاہتے	بڑائی

یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لیے بناتے ہیں جو زمین میں تکبر

نیکیوں کے ساتھ فضل اور گناہگاروں کے ساتھ عدل کا معاملہ

فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ

فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا	فَسَادًا	وَ	الْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾	مَنْ
زمین میں	اور	نہ	فساد	اور	اچھا انجام	پرہیز گاروں کیلئے (ہے)	جو

اور فساد نہیں چاہتے اور اچھا انجام پرہیز گاروں ہی کیلئے ہے ○ جو

جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ

جَآءَ بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ	مِّنْهَا	وَ	مَنْ	جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ
لایا نیکی	تو اس کے لیے	بہتر (بدلہ ہے)	اس سے	اور	جو	لایا برائی

نیکی لائے گا اس کے لیے اس سے بہتر بدلہ ہے اور جو برائی لائے

فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا

فَلَا يُجْزَى	الَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السَّيِّاٰتِ	اِلَّا	مَا
تو بدلہ نہیں دیا جائے گا	ان لوگوں کو جنہوں نے	عمل کئے	برے	مگر	(اسی کا) جو

تو برا کام کرنے والوں کو اتنا ہی بدلہ دیا جائے گا جتنا

(1) ..... یعنی آخرت کا گھر جنت جس کی خبریں تم نے سنیں اور جس کے اوصاف تم تک پہنچے، اس کا مستحق ہم ان لوگوں کو بناتے ہیں جو زمین میں نہ تو ایمان قبول کرنے سے منہ پھیرتے ہوئے تکبر کرتے ہیں اور نہ مومنوں پر بڑائی چاہتے ہیں اور نہ ہی گناہ کر کے فساد چاہتے ہیں جبکہ آخرت کا اچھا انجام پرہیز گاروں ہی کیلئے ہے۔ تکبر اور فساد پھیلانا جنت سے محرومی کا سبب ہیں جبکہ عاجزی اختیار کرنا اور معاشرے میں امن و سکون پیدا کرنا جنت میں داخلے کا ذریعہ ہیں۔

www.dawateislami.net

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾	اِنَّ	الَّذِیْ	فَرَضَ	عَلَیْكَ	الْقُرْاٰنَ
وہ عمل کرتے تھے	بیشک	وہ جس نے	فرض کیا	تم پر	قرآن

وہ کرتے تھے ○ بیشک جس نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے

لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّیْۤ اَعْلَمُ

لَرَآدُّكَ	اِلٰى مَعَادٍ (1)	قُلْ	رَّبِّیْۤ	اَعْلَمُ
ضرور واپس لے جائے گا تجھے	لوٹنے کی جگہ کی طرف	تم کہو	میرا رب	خوب جانتا ہے

وہ آپ کو لوٹنے کی جگہ ضرور واپس لے جائے گا۔ تم فرماؤ: میرا رب خوب جانتا ہے

مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٨٥﴾

مَنْ	جَآءَ بِالْهُدٰى	وَ	مَنْ	هُوَ	فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٨٥﴾
(اسے) جو	لایا ہے ہدایت	اور	(اسے بھی) جو	وہ	کھلی گمراہی میں (ہے)

جو ہدایت لایا ہے اور اسے بھی جو کھلی گمراہی میں ہے ○

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا اَنْ یُّلْقٰۤى اِلَیْكَ الْكِتٰبُ

وَ	مَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا (2)	اَنْ	یُّلْقٰۤى	اِلَیْكَ	الْكِتٰبُ
اور	تم امید نہ رکھتے تھے	کہ	اتاری جائے گی	تمہاری طرف	کوئی کتاب

اور تم امید نہ رکھتے تھے کہ تمہاری طرف کوئی کتاب بھیجی جائے گی

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِیْرًا

اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ	ظَهِیْرًا
مگر	رحمت (ہے)	تمہارے رب کی طرف سے	تو تم ہرگز نہ ہونا	مددگار

لیکن تمہارے رب کی طرف سے رحمت ہے تو تم ہرگز کافروں کا

حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مکہ واپس لے جانے کی بشارت

ہدایت پانا اور گمراہ اللہ کو خوب معلوم ہیں

قرآن ملنے سے متعلق حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی امید اور انبیاء کی کیفیات

1 ..... لوٹنے کی جگہ سے مراد مکۂ مکرمہ ہے اور بعض مفسرین نے اس سے موت، قیامت اور جنت بھی مراد لی ہے۔

2 ..... اس آیت کا معنی یہ ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کی رحمت کے علاوہ کسی اور سبب سے قرآنِ مجید ملنے کی امید نہ رکھتے تھے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں بظاہر خطاب حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اور مراد آپ کی امت ہو، اس صورت میں معنی یہ ہو گا کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی امت کو یہ توقع نہ تھی کہ انہیں یہ کتاب عطا کی جائے گی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم فرمایا اور ان کی طرف قرآنِ مجید جیسی عظیم الشان کتاب بھیجی۔

www.dawateislami.net

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ لَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾	وَ	لَا يَصُدُّنَّكَ (1)	عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ	بَعْدَ
کافروں کا	اور	وہ ہرگز نہ روکیں تجھے	اللہ کی آیتوں سے	(اس کے) بعد

مددگار نہ ہونا ○ اور ہرگز وہ تمہیں اللہ کی آیتوں سے نہ روکیں اس کے بعد

اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَ ادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَ

اِذْ	اُنْزِلَتْ	اِلَيْكَ	وَ	ادْعُ	اِلٰى رَبِّكَ	وَ
جبکہ	وہ نازل کی جاچکی ہیں	تمہاری طرف	اور	تم بلاؤ	اپنے رب کی طرف	اور

کہ وہ تمہاری طرف نازل کی جاچکی ہیں اور اپنے رب کی طرف بلاؤ اور

لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ لَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ

لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾	وَ	لَا تَدْعُ (2)	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ
تم ہرگز نہ ہونا	مشرکوں میں سے	اور	عبادت نہ کرنا	اللہ کے ساتھ	دوسرے معبود (کی)

ہرگز شرک والوں میں سے نہ ہونا ○ اور اللہ کے ساتھ دوسرے خدا کی عبادت نہ کر،

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا

لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	كُلُّ شَيْءٍ	هَالِكٌ	اِلَّا
نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	ہر چیز	فنا ہونے والی (ہے)	سوائے

اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کی ذات کے سوا ہر چیز

وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾

وَجْهَهٗ	لَهُ	الْحُكْمُ	وَ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾
اس کی ذات (کے)	اسی کا	حکم (ہے)	اور	اسی کی طرف	تمہیں لوٹایا جائے گا

فانی ہے، اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم پھیرے جاؤ گے ○

(1) ..... یعنی اے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! جب اللہ تعالیٰ کی آیتیں تمہاری طرف نازل ہو چکی ہیں تو اس کے بعد ہرگز تم قرآن مجید کے معاملے میں کفار کی گمراہ کن باتوں کی طرف توجہ نہ کرنا اور انہیں ٹھکرا دینا اور تم مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لانے اور اس کی عبادت کرنے کی دعوت دو اور ہرگز شرک کرنے والوں کی مدد اور موافقت کر کے ان میں سے نہ ہونا۔ (2) ..... یعنی اے حبیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، آپ پہلے کی طرح اب بھی عبادت کرتے رہیں اور اسی پر قائم رہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی مستحقِ عبادت نہیں۔

وقف لازم

ع ٩ ٢ الشاشة

www.dawateislami.net

آیات:69 رکوع:07

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ

الٓمّٓ ﴿۱﴾	اَحَسِبَ	النَّاسُ	اَنْ	يُّتْرَكُوْٓا	اَنْ
حروف مقطعات	کیا گمان کر لیا	لوگوں (نے)	یہ کہ	انہیں چھوڑ دیا جائے گا	(اتنی بات پر) کہ

الٓمّٓ ○ کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ انہیں صرف اتنی بات پر چھوڑ دیا جائے گا کہ

يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَقَدْ

يَّقُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا	وَ	هُمْ	لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾ (1)	وَ	لَقَدْ
وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور	وہ	انہیں آزمایا نہیں جائے گا	اور	ضرور بیشک

وہ کہتے ہیں ہم "ایمان لائے" اور انہیں آزمایا نہیں جائے گا؟ ○ اور بیشک

فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ

فَتَنَّا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ (2)	فَلَيَعْلَمَنَّ	اللّٰهُ
ہم نے آزمایا	ان لوگوں کو جو	ان سے پہلے (تھے)	تو بیشک ضرور دیکھے گا	اللہ

ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا تو ضرور ضرور اللہ انہیں دیکھے گا

مسلمانوں کی آزمائش سے متعلق قانونِ الٰہی

پہلی امتوں کا امتحان لئے جانے کی خبر

1 ..... مسلمانوں کا ان کی ایمانی قوت کے مطابق امتحان لینا اور انہیں آزمائش میں مبتلا کرنا قانونِ الٰہی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: آدمی کی آزمائش اس کے دین کے مطابق ہوتی ہے، اگر دین میں مضبوط ہو تو سخت آزمائش ہوتی ہے اور اگر دین میں کمزور ہو تو اس کے دین کے حساب سے آزمائش کی جاتی ہے۔ بندے کے ساتھ یہ آزمائشیں ہمیشہ رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ زمین پر اس طرح چلتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ (ترمذی، ۴/۱۷۹، الحدیث: ۲۴۰۶) 2 ..... تمام امتوں میں کئی حکمتوں اور مصلحتوں کے پیشِ نظر اہلِ ایمان کو آزمائشوں میں مبتلا کرنا اللہ تعالیٰ کا طریقہ رہا ہے، البتہ عافیت کی دعا ضرور کرنی چاہئے اور آزمائش آنے

www.dawateislami.net

برے اعمال کرنے والوں کو تنبیہ

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝۳ اَمْ

الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَ	لَيَعْلَمَنَّ	الْكٰذِبِيْنَ ۝۳	اَمْ
ان لوگوں کو جنہوں نے	سچ بولا	اور	بیشک ضرور دیکھے گا	جھوٹوں (کو بھی)	یا (کیا)

جو سچے ہیں اور ضرور ضرور جھوٹوں کو (بھی) دیکھے گا ○ یا (کیا)

حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ

حَسِبَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	اَنْ	يَّسْبِقُوْنَا
گمان کرلیا	ان لوگوں نے جو	عمل کرتے ہیں	برے	یہ کہ	وہ آگے بڑھ جائیں گے ہم سے

بُرے اعمال کرنے والوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم سے کہیں نکل جائیں گے ؟

آخری تیاری سے متعلق تنبیہ

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ

سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ ۝۴	مَنْ	كَانَ يَرْجُوْا	لِقَآءَ اللّٰهِ (۱)	فَاِنَّ
کتنا برا ہے	جو	وہ فیصلہ کرتے ہیں	جو	امید رکھتا ہو	اللہ سے ملاقات (کی)	تو بیشک

وہ کیا ہی بُرا فیصلہ کرتے ہیں ○ جو اللہ کی ملاقات کی امید رکھتا ہو تو بیشک

جہاد اور مجاہدے کا فائدہ بندے کو ہی ہوگا

اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ وَ

اَجَلَ اللّٰهِ	لَاٰتٍ	وَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ ۝۵	وَ
اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت، وعدہ	ضرور آنے والا (ہے)	اور	وہی	سننے والا	جاننے والا (ہے)	اور

اللہ کا مقرر کیا ہوا وعدہ ضرور آنے والا ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے ○ اور

مَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

مَنْ	جَاهَدَ (2)	فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ	لِنَفْسِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ
جس نے	کوشش کی	تو وہ کوشش کرتا ہے صرف	اپنی ذات کے لئے	بیشک	اللہ

جو کوشش کرے تو اپنے ہی فائدے کیلئے کوشش کرتا ہے، بیشک اللہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) پر صبر و ہمت سے کام لینا چاہئے۔

1 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ جو شخص دوبارہ زندہ کئے جانے اور حساب لئے جانے سے ڈرتا اور بارگاہِ الٰہی سے ثواب ملنے کی امید رکھتا ہے تو وہ سن لے کہ اللہ تعالیٰ نے ثواب اور عذاب کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ ضرور پورا ہونے والا ہے، لہٰذا اسے چاہئے کہ اس کے لئے تیار رہے اور نیک اعمال کرنے میں جلدی کرے۔ 2 ..... یہاں "جَاهَدَ" سے مراد اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے جنگ کرنا یا نفس و شیطان کی مخالفت کرکے یا اطاعتِ الٰہی پر صابر و قائم رہ کر حصولِ رضا کی کوشش کرنا ہے۔

www.dawateislami.net

لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶﴾ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

لَغَنِیٌّ	عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶﴾	وَ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
ضرور بے پرواہ (ہے)	تمام جہانوں سے	اور	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

سارے جہانوں سے بے پرواہ ہے ○ اور جو لوگ ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَ

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَیِّاٰتِهِمْ	وَ
انہوں نے عمل کئے	نیک، اچھے	(تو) ضرور ہم مٹادیں گے	ان سے	ان کی برائیاں	اور

انہوں نے اچھے کام کئے تو ہم ضرور ان سے ان کی برائیاں مٹادیں گے اور

لَنَجْزِیَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾ وَ

لَنَجْزِیَنَّهُمْ	اَحْسَنَ	الَّذِیْ	كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾	وَ
ضرور بدلہ دیں گے انہیں	سب سے اچھے (اعمال کا)	جو	وہ عمل کرتے تھے	اور

ضرور انہیں ان کے اچھے اعمال کا بدلہ دیں گے ○ اور

وَ وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًا ؕ وَ اِنْ

وَصَّیْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَیْهِ	حُسْنًا[1]	وَ	اِنْ
ہم نے تاکید کی	انسان (کو)	اپنے ماں باپ کے ساتھ	اچھا سلوک کرنے (کی)	اور	اگر

ہم نے (ہر) انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تاکید کی اور (اے بندے!) اگر

جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ

جَاهَدٰكَ	لِتُشْرِكَ	بِیْ	مَا	لَیْسَ	لَكَ
وہ دونوں کوشش کریں تجھ پر	کہ تو شریک ٹھہرائے	میرے ساتھ	(اسے) جو	نہیں ہے	تجھے

وہ تجھ سے کوشش کریں کہ تو کسی کو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے

[1] ..... اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ والدین کے ساتھ نیک سلوک کیا جائے۔ اس میں والدین کا ادب اور اطاعت کرنا، ان کی نافرمانی سے بچنا، ہر وقت ان کی خدمت کے لئے تیار رہنا اور ان پر خرچ کرنے میں بقدر توفیق واستطاعت کمی نہ کرنا وغیرہ داخل ہے۔ حدیث پاک میں ہے، سرورِ کائنات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تین مرتبہ فرمایا: اُس کی ناک خاک آلود ہو۔ کسی نے پوچھا: یا رسولَ اللہ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، کون؟ ارشاد فرمایا: جس نے ماں باپ دونوں کو یا ان میں سے ایک کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا۔ (مسلم، ص ۱۳۸۱، الحدیث: ۱۰(۲۵۵۱))

www.dawateislami.net

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ

بِهٖ	عِلْمٌ(1)	فَلَا تُطِعْهُمَا	اِلَیَّ	مَرْجِعُكُمْ
اس کا	کوئی علم	تو تو بات نہ مان ان کی	میری ہی طرف	تمہارا پھرنا (ہے)

علم نہیں تو تُو ان کی بات نہ مان۔ میری ہی طرف تمہارا پھرنا ہے

فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

فَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨	وَ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا
تو میں آگاہ کردوں گا تمہیں	(اس) سے جو	تم عمل کرتے تھے	اور	وہ لوگ جو	ایمان لائے

تو میں تمہیں تمہارے اعمال بتادوں گا ○ اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ۝٩ وَ

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُدْخِلَنَّهُمْ	فِی الصّٰلِحِیْنَ ۝٩	وَ
اور	انہوں نے عمل کئے	اچھے، نیک	(تو) ضرور ہم داخل کریں گے انہیں	نیک بندوں میں	اور

اور انہوں نے اچھے کام کئے تو ضرور ہم انہیں نیک بندوں میں داخل کریں گے ○ اور

مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ

مِنَ النَّاسِ	مَنْ	یَّقُوْلُ(2)	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	فَاِذَاۤ
لوگوں میں سے	(کوئی وہ ہے) جو	کہتا ہے	ہم ایمان لائے	اللہ پر	پھر جب

لوگوں میں کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں: ہم اللہ پر ایمان لائے پھر جب

اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

اُوْذِیَ	فِی اللّٰهِ	جَعَلَ	فِتْنَةَ النَّاسِ
اسے تکلیف دی جاتی ہے	اللہ (کی راہ) میں	(تو) وہ ٹھہراتا ہے	لوگوں کے فتنے (کو)

اللہ (کی راہ) میں انہیں کوئی تکلیف دی جاتی ہے تو لوگوں کے فتنے کو

(1)..... اس کا معنی یہ ہے کہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے اس لئے صحیح علم اور درست تحقیق کی بنا پر تو کوئی بھی کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک مان ہی نہیں سکتا کیونکہ اس کا شریک ہونا محال ہے اور بغیر علم کسی کے کہنے سے اللہ تعالیٰ کا شریک ماننا تقلید کی باطل و قبیح صورت ہے اور ایسی تقلید سگے ماں باپ کی بھی نہیں کی جاسکتی۔ (2)..... اس آیت میں منافقوں کا حال بیان کیا گیا ہے کہ وہ زبان سے ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہیں اور جب راہِ خدا میں انہیں کوئی تکلیف پہنچے تو اسے عذابِ الٰہی کے برابر سمجھتے ہیں اور اگر حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کی فتح اور مال کی صورت میں کوئی مدد آجائے (پہلے پڑھ لیں پھر سنیں)

باعمل مسلمانوں کو بشارت

منافقوں کا حال اور انہیں تنبیہ

www.dawateislami.net

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَ لَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ

كَعَذَابِ اللّٰهِ	وَ	لَئِنْ	جَآءَ	نَصْرٌ	مِّنْ رَّبِّكَ
اللہ کے عذاب کے برابر	اور	ضرور اگر	آجائے	کوئی مدد	تمہارے رب کی طرف سے

اللہ کے عذاب کے برابر سمجھتے ہیں اور اگر تمہارے رب کے پاس سے کوئی مدد آجائے

لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَ لَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ

لَيَقُوْلُنَّ	اِنَّا	كُنَّا	مَعَكُمْ	اَوَ لَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ
(تو) ضرور وہ کہیں گے	یقینا	ہم تھے	تمہارے ساتھ	اور کیا نہیں ہے	اللہ	خوب جاننا

تو ضرور کہیں گے ہم یقیناً تمہارے ساتھ تھے۔ کیا اللہ اسے خوب نہیں جانتا

بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَ لَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ

بِمَا	فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾	وَ	لَيَعْلَمَنَّ (۱)	اللّٰهُ
(اس) کو جو	تمام جہان والوں کے سینوں، دلوں میں (ہے)	اور	ضرور ظاہر کردے گا	اللہ

جو تمام جہان والوں کے دلوں میں ہے؟ ○ اور ضرور اللہ ایمان والوں کو

منافقوں اور مخلص مومنوں میں امتیاز کئے جانے کی خبر

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَ قَالَ

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	لَيَعْلَمَنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾	وَ	قَالَ
ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور	ضرور وہ ظاہر کردے گا	منافقوں (کو)	اور	بولے

ظاہر کردے گا اور ضرور منافقوں کو ظاہر کردے گا ○ اور کافروں نے

کافروں کی مسلمانوں کو بتکلیف اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تردید

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّبِعُوْا	سَبِيْلَنَا
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	تم پیروی کرو	ہمارے راستے (کی)

مسلمانوں سے کہا: ہماری راہ پر چلو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) تو وہ لوگ ضرور کہیں گے: ہم یقیناً ایمان اور اسلام میں تمہارے ساتھ تھے اور تمہاری طرح دین پر ثابت و قائم تھے تو ہمیں بھی اس میں شریک کرو۔

1 ..... یعنی اللہ تعالیٰ ضرور ان لوگوں کو ظاہر کردے گا جو صدق اور اخلاص کے ساتھ ایمان لائے اور آزمائش کے وقت اپنے ایمان پر ثابت قدم رہے اور یونہی منافقوں کو بھی ظاہر کردے گا جنہوں نے مصیبت کی وجہ سے اسلام ترک کردیا اور اللہ تعالیٰ دونوں فریقوں کو ان کے اعمال کی جزا دے گا۔ اس آیت میں ہمیں تنبیہ ہے کہ ہم دین کی راہ میں آنے والی مشقتوں پر صبر کریں اور ایمان کو کسی صورت ضائع نہ ہونے دیں۔

www.dawateislami.net

وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ

وَلْنَحْمِلْ	خَطٰيٰكُمْ	وَ	مَا	هُمْ	بِحٰمِلِيْنَ
اور ہم اٹھالیں گے	تمہارے گناہ	اور (حالانکہ)	نہیں	وہ	اٹھانے والے

اور ہم تمہارے گناہ اٹھالیں گے حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے

مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ

مِنْ خَطٰيٰهُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾	وَ	لَيَحْمِلُنَّ
ان کے گناہوں سے	کچھ	بیشک وہ	ضرور جھوٹے (ہیں)	اور	بیشک ضرور وہ اٹھائیں گے

کچھ بوجھ بھی نہ اٹھائیں گے، بیشک وہ جھوٹے ہیں ○ اور بیشک ضرور اپنے بوجھ

اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ

اَثْقَالَهُمْ	وَ	اَثْقَالًا	مَّعَ اَثْقَالِهِمْ (1)	وَ	لَيُسْـَٔلُنَّ (2)
اپنے بوجھ	اور	(دوسرے لوگوں کے) بوجھ	اپنے بوجھوں کے ساتھ	اور	ضرور ان سے پوچھا جائے گا

اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ اٹھائیں گے اور ضرور ان سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَمَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا
قیامت کے دن	(اس) کے بارے میں جو	وہ بہتان باندھتے تھے	اور	ضرور بیشک	ہم نے بھیجا

قیامت کے دن ان کے بہتانوں کے بارے میں پوچھا جائے گا ○ اور بیشک ہم نے نوح کو

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ

نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَلَبِثَ	فِيْهِمْ	اَلْفَ سَنَةٍ	اِلَّا	خَمْسِيْنَ عَامًا
نوح (کو)	اس کی قوم کی طرف	تو وہ رہا	ان میں	ایک ہزار سال	سوائے	پچاس سال (کے)

اس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار سال رہے

دوسروں کو گمراہ اور مبتلائے گناہ کرنے کا انجام

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوم کا اجمالی واقعہ

ع ۱۳

1 .....جو خود گمراہ ہو اور دوسروں کو بھی گمراہی کی طرف بلاتا ہو تو اسے اپنی گمراہی کا گناہ بھی ملے گا اور جنہیں گمراہ کیا ان کی گمراہی کا گناہ بھی اور گمراہ ہونے والوں کے اپنے گناہ میں بھی کوئی کمی نہ ہوگی۔ جو لوگ دوسروں کو غلط عقیدہ سکھاتے یا بُری راہ مثلاً شراب، بدکاری اور دیگر گناہوں پر لگاتے ہیں یونہی فلمیں ڈرامے بنانے اور گانے باجے کو فروغ دینے والے وہ سب اس وعید میں داخل ہیں۔ 2 .....کافروں کے اعمال اور بہتان سب اللہ تعالیٰ جانتا ہے، اس کے باوجود کافروں سے جو سوال ہوگا وہ انہیں رُسوا کرنے اور مخلوق کے سامنے ان کے ساتھ انصاف ظاہر کرنے کیلئے ہوگا۔

www.dawateislami.net

فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ

فَاَخَذَهُمُ	الطُّوْفَانُ	وَ	هُمْ	ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ (۱)	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ
پھر پکڑ لیا انہیں	طوفان (نے)	اور	وہ	ظالم (تھے)	تو ہم نے نجات دی اس (نوح) کو	اور

پھر اس قوم کو طوفان نے پکڑ لیا اور وہ ظالم تھے ○ تو ہم نے نوح اور

اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَ

اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ	وَ	جَعَلْنٰهَآ	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾	وَ
کشتی والوں (کو)	اور	بنا دیا اس (کشتی) کو	نشانی	سارے جہانوں کے لیے	اور

کشتی والوں کو بچا لیا اور اس کشتی کو سارے جہانوں کے لیے نشانی بنا دیا ○ اور

اِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ

اِبْرٰهِيْمَ	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ
ابراہیم (کو یاد کرو)	جب	اس نے کہا	اپنی قوم سے	تم عبادت کرو	اللہ (کی)	اور

ابراہیم کو (یاد کرو) جب اس نے اپنی قوم سے فرمایا: اللہ کی عبادت کرو اور

اتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

اتَّقُوْهُ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾
ڈرو اس سے	یہ	بہتر (ہے)	تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو

اس سے ڈرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو ○ تم تو

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	وَّ	تَخْلُقُوْنَ	اِفْكًا	اِنَّ
تم عبادت کرتے ہو صرف	اللہ کے سوا	بتوں (کی)	اور	تم گھڑتے ہو	جھوٹ	بیشک

اللہ کے سوا بتوں کو پوجتے ہو اور نرا جھوٹ گھڑتے ہو۔ بیشک

(۱) ..... اس آیت سے اللہ تعالیٰ نے چند انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے واقعات بیان فرمائے ہیں اور ان سے مقصود حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ان تکلیفوں اور اذیتوں پر تسلی دینا ہے جو کفارِ مکہ کی طرف سے آپ کو پہنچا کرتی تھیں۔

www.dawateislami.net

اَلَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا

اَلَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَا يَمْلِكُوْنَ	لَكُمْ	رِزْقًا
وہ جن کی	تم عبادت کرتے ہو	اللہ کے سوا	وہ مالک نہیں	تمہارے لئے	روزی (کے)

جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو وہ تمہارے لئے روزی کے کچھ مالک نہیں

فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ

فَابْتَغُوْا	عِنْدَ اللّٰهِ	الرِّزْقَ	وَ	اعْبُدُوْهُ	وَ	اشْكُرُوْا	لَهٗ
تو تم تلاش کرو	اللہ کے پاس	رزق	اور	عبادت کرو اس کی	اور	شکر ادا کرو	اس کا

تو تم اللہ کے پاس رزق ڈھونڈو اور اس کی عبادت کرو اور اس کے شکر گزار بنو،

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾	وَ	اِنْ	تُكَذِّبُوْا	فَقَدْ	كَذَّبَ	اُمَمٌ
اسی کی طرف	تمہیں لوٹایا جائے گا	اور	اگر	تم جھٹلاؤ گے	تو بیشک	جھٹلا چکے	کئی گروہ

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ○ اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو تم سے پہلے کتنے ہی گروہ

مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

مِّنْ قَبْلِكُمْ	وَ	مَا	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾
تم سے پہلے	اور	(لازم) نہیں	رسول پر	مگر	صاف پہنچا دینا

جھٹلا چکے ہیں اور رسول کے ذمہ تو صرف صاف پہنچا دینا ہے ○

تخلیق کی ابتداء میں غور کرنے کی ہدایت

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ

اَوَلَمْ يَرَوْا (1)	كَيْفَ	يُبْدِئُ	اللّٰهُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ
اور کیا انہوں نے نہ دیکھا	کیسے	ابتداء کرتا ہے	اللہ	پیدا کرنے (کی)	پھر

اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ پیدا کرنے کی ابتداء کیسے کرتا ہے؟ پھر

1 ..... ممکن ہے کہ اس آیت سے لے کر آیت نمبر 23 تک کا کلام حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی قوم کے بارے میں ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ واقعہ کے دوران ان آیات میں کفارِ مکہ کو نصیحت کی گئی اور عذابِ الٰہی سے ڈرایا گیا ہو۔ اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ کیا ان کافروں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ پیدا کرنے کی ابتداء کیسے کرتا ہے کہ پہلے انسان کو نطفہ بناتا، پھر جمے ہوئے خون کی صورت دیتا، پھر گوشت کا ٹکڑا بناتا اور درجہ بدرجہ اس کی تخلیق کو مکمل کرتا ہے، پھر وہ آخرت میں اسے دوبارہ بنائے گا بیشک پہلی بار پیدا کرنا اور مرنے کے بعد پھر دوبارہ بنانا اللہ تعالیٰ پر بہت آسان ہے۔

www.dawateislami.net

يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿١٩﴾ قُلْ سِيْرُوْا

يُعِيْدُهٗ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ ﴿١٩﴾	قُلْ	سِيْرُوْا
وہ دوبارہ بنائے گا اسے	بیشک	یہ	اللہ پر	بہت آسان (ہے)	تم کہو	(اے لوگو) تم چلو

وہ اسے دوبارہ بنائے گا بیشک یہ اللہ پر بہت آسان ہے ○ تم فرماؤ: زمین میں

فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ

فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	بَدَاَ	الْخَلْقَ	ثُمَّ	اللّٰهُ	يُنْشِئُ
زمین میں	پھر دیکھو	کیسے	(اللہ نے) پہلے بنایا	مخلوق (کو)	پھر	اللہ	پیدا فرمائے گا

چل کر دیکھو کہ اللہ نے پہلے کیسے بنایا؟ پھر اللہ دوسری مرتبہ

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ۚ يُعَذِّبُ مَنْ

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾	يُعَذِّبُ	مَنْ
دوسری بار پیدا کرنا	بیشک	اللہ	ہر چیز پر	قدرت والا (ہے)	وہ عذاب دیتا ہے	جسے

پیدا فرمائے گا۔ بیشک اللہ ہر شے پر قادر ہے ○ وہ جسے چاہتا ہے

يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿٢١﴾

يَّشَآءُ (1)	وَ	يَرْحَمُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اِلَيْهِ	تُقْلَبُوْنَ ﴿٢١﴾
چاہتا ہے	اور	رحم فرماتا ہے	جس پر	چاہتا ہے	اور	اسی کی طرف	تمہیں پلٹایا جائے گا

عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے ○

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا

وَ	مَآ	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ (2)	وَ	لَا	فِي السَّمَآءِ	وَ	مَا
اور	نہیں	تم	(ہمیں) عاجز کرنے والے	زمین میں	اور	نہ	آسمان میں	اور	نہیں

اور نہ تم زمین میں (ہمیں) عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں اور تمہارے لیے

1 ..... یعنی اللہ تعالیٰ اپنے عدل کی وجہ سے جسے چاہے عذاب دیتا ہے اور اپنے فضل کی بناء پر جسے چاہے بخش دیتا ہے اور اے لوگو! تم قیامت کے دن اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے تو وہ تمہیں تمہارے اعمال کے حساب سے سزا یا جزا جو چاہے دے گا۔

2 ..... اس کا ایک معنی یہ ہے کہ اے کافرو! نہ تم زمین میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کو عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں، الغرض اس سے بچنے اور بھاگنے کی کہیں کوئی جگہ نہیں۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ نہ زمین والے اللہ تعالیٰ کے حکم اور قضا سے کہیں بھاگ سکتے ہیں اور نہ آسمان والے ایسا کر سکتے ہیں۔

www.dawateislami.net

کفار کی رحمتِ الٰہی سے مایوسی

لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَ

لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّ	لَا	نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ (1)	وَ
تمہارے لیے	اللہ کے سوا	کوئی کام بنانے والا	اور	نہ	مددگار	اور

اللہ کے سوا نہ کوئی کام بنانے والا ہے اور نہ مددگار ○ اور

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ لِقَآئِهٖۤ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَ	لِقَآئِهٖۤ	اُولٰٓئِكَ	يَئِسُوْا
وہ لوگ جنہوں نے	انکار کیا	اللہ کی آیتوں کا	اور	اس سے ملنے (کا)	یہ لوگ	مایوس ہوگئے

وہ جنہوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اس سے ملنے کا انکار کیا وہ وہی لوگ ہیں جو میری رحمت سے

قومِ کا جواب اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بچاؤ

مِنْ رَّحْمَتِيْ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾ فَمَا كَانَ

مِنْ رَّحْمَتِيْ	وَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾	فَمَا كَانَ
میری رحمت سے	اور	یہ لوگ	ان کے لیے	دردناک عذاب (ہے)	تو نہ تھا

مایوس ہیں اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ○ تو ابراہیم کی

جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

جَوَابَ قَوْمِهٖۤ (2)	اِلَّاۤ	اَنْ	قَالُوا	اقْتُلُوْهُ	اَوْ	حَرِّقُوْهُ
اس (ابراہیم) کی قوم کا جواب	مگر	یہ کہ	انہوں نے کہا	تم قتل کردو اسے	یا	جلادو اسے

قوم کا کوئی جواب نہ تھا مگر یہ کہ انہوں نے کہا: انہیں قتل کردو یا جلادو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

فَاَنْجٰىهُ	اللّٰهُ	مِنَ النَّارِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
تو بچالیا اسے	اللہ (نے)	آگ سے	بیشک	اس میں	ضرور نشانیاں (ہیں)	(ان) لوگوں کے لئے

تو اللہ نے انہیں آگ سے بچالیا۔ بیشک اس میں ایمان والوں کے لئے

(1) ..... اس آیت اور اس جیسی دیگر آیتوں میں خطاب کفار سے ہوتا ہے کہ اے کافرو! تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی کام بنانے والا ہے اور نہ مددگار جو تمہیں عذابِ الٰہی سے بچاسکے یا ایسی آیات میں یہ مراد ہوتا ہے کہ اے لوگو! تمہارا کوئی ایسا حمایتی یا مددگار نہیں جو اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہاری حمایت و مدد کرسکے۔ انبیاء و اولیاء اہلِ ایمان کے مددگار ہیں جو اللہ تعالیٰ کی اجازت و عطا سے ان کی مدد و شفاعت فرماتے ہیں۔ (2) ..... یہ بات انہوں نے آپس میں ایک دوسرے سے یا سرداروں نے اپنے پیروکاروں سے کہی، بہرحال کچھ کہنے والے اور کچھ اس پر راضی تھے اس لئے وہ سب کہنے والوں کے حکم میں ہیں۔

www.dawateislami.net

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو نصیحت

يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٤﴾	وَ	قَالَ	اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا
(جو) ایمان لاتے ہیں	اور	(ابراہیم نے) فرمایا	تم نے بنالیا صرف	اللہ کے سوا	بتوں (کو معبود)

ضرور نشانیاں ہیں ○ اور ابراہیم نے فرمایا: تم نے تو دنیاوی زندگی میں اپنی آپس کی دوستی کی وجہ سے

مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُ
اپنے درمیان دوستی (کی وجہ سے)	دنیا کی زندگی میں	پھر	قیامت کے دن	انکار کر دیں گے

اللہ کے سوا یہ بت (معبود) بنالئے ہیں پھر قیامت کے دن تم میں ایک دوسرے کا

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ

بَعْضُكُمْ	بِبَعْضٍ	وَّ	يَلْعَنُ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	وَّ	مَاْوٰىكُمُ
تمہارے بعض	بعض کا	اور	لعنت کریں گے	تمہارے بعض	بعض (پر)	اور	تمہارا ٹھکانہ

انکار کرے گا اور ایک دوسرے پر لعنت کرے گا اور تم سب کا ٹھکانہ

وقف لازم

حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق اور حضرت ابراہیم

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ

النَّارُ	وَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٥﴾	فَاٰمَنَ (1)	لَهٗ	لُوْطٌ
آگ (ہے)	اور	نہیں	تمہارے لئے	کوئی مددگار	تو تصدیق کی	اس کی	لوط (نے)

جہنم ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ○ تو ابراہیم کی تصدیق لوط نے کی

وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

وَ	قَالَ	اِنِّيْ	مُهَاجِرٌ	اِلٰى رَبِّيْ (2)	اِنَّهٗ	هُوَ
اور	(ابراہیم نے) فرمایا	بیشک میں	ہجرت کرنے والا (ہوں)	اپنے رب کی طرف	بیشک وہ	وہی

اور ابراہیم نے فرمایا: میں اپنے رب کی (سرزمین شام کی) طرف ہجرت کرنے والا ہوں، بیشک وہی

1 ..... حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ایمان لانے سے رسالتِ ابراہیمی کی تصدیق مراد ہے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لانا مراد نہیں کیونکہ اس پر انہیں پہلے ہی ایمان تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نبی تھے اور نبی ہمیشہ سے ہی مومن ہوتے ہیں، کسی حال میں ان سے کفر کا تصور تک نہیں کیا جاسکتا۔

2 ..... اس سے مراد یہ ہے کہ میں اپنے رب کے حکم سے ہجرت کر رہا ہوں، یہ نہیں کہ خدا کے رہا کشی شہر کی طرف ہجرت کر رہا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ جگہ سے پاک ہے، اس کے حق میں یہاں وہاں سب برابر ہے۔

www.dawateislami.net

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٦﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿٢٦﴾	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗۤ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَ
عزت والا	حکمت والا (ہے)	اور	ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحاق	اور	یعقوب	اور

عزت والا، حکمت والا ہے ○ اور ہم نے اسے اسحاق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمائے اور

جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ وَ اٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ

جَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِ	النُّبُوَّةَ	وَ	الْكِتٰبَ	وَ	اٰتَيْنٰهُ	اَجْرَهٗ (1)
ہم نے رکھی	اس کی اولاد میں	نبوت	اور	کتاب	اور	ہم نے عطا کیا اسے	اس کا ثواب

ہم نے اس کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی اور ہم نے دنیا میں اس کا ثواب

فِي الدُّنْيَا ۚ وَ اِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾ وَ لُوْطًا

فِي الدُّنْيَا	وَ	اِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾	وَ	لُوْطًا
دنیا میں	اور	بیشک وہ	آخرت میں	ضرور نیک بندوں میں سے (ہو گا)	اور	لوط (کو یاد کرو)

اسے عطا فرمایا اور بیشک وہ آخرت میں (بھی) ہمارے خاص قرب کے لائق بندوں میں ہو گا ○ اور لوط کو (یاد کرو)

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ

اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖۤ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	مَا سَبَقَكُمْ
جب	اس نے کہا	اپنی قوم سے	بیشک تم	ضرور کرتے ہو	بے حیائی کا کام	تم سے پہلے نہیں کیا

جب اس نے اپنی قوم سے فرمایا: تم بیشک بے حیائی کا وہ کام کرتے ہو جو تم سے پہلے

بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾ اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

بِهَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾	اَىِٕنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ
اس کو	کسی ایک (نے)	سارے جہان والوں میں سے	کیا بیشک تم	(بد فعلی کیلئے) ضرور آتے ہو

دنیا بھر میں کسی نے نہ کیا ○ کیا تم مردوں سے

1 ..... حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو دنیا میں جو ثواب عطا فرمایا گیا وہ یہ ہے کہ انہیں پاکیزہ اولاد عطا ہوئی، نبوت ان کی نسل میں رکھی گئی، کتابیں اُن انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو عطا ہوئیں جو اِن کی اولاد میں ہیں، انہیں مخلوق میں محبوب و مقبول بنایا گیا کہ تمام ملّتوں اور ادیان والے ان سے محبت رکھتے اور ان کی طرف نسبت کو باعثِ فخر سمجھتے ہیں اور ان کے لئے دنیا کے اختتام تک درود پڑھا جانا مقرر کر دیا گیا، یہ تو وہ ہے جو انہیں دنیا میں عطا کیا گیا اور بیشک وہ آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ کے خاص قرب کے لائق بندوں میں ہوں گے جن کے درجے بہت بلند ہوں گے۔

www.dawateislami.net

الرِّجَالَ وَ تَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَ تَاْتُوْنَ

الرِّجَالَ	وَ	تَقْطَعُوْنَ	السَّبِيْلَ	وَ	تَاْتُوْنَ
مردوں (کے پاس)	اور	کاٹتے ہو	راستہ	اور	آتے ہو (ارتکاب کرتے ہو)

بد فعلی کرتے ہو اور راستہ کاٹتے ہو اور اپنی مجلسوں میں

فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا

فِيْ نَادِيْكُمُ	الْمُنْكَرَ (۱)	فَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوْمِهٖۤ	اِلَّاۤ	اَنْ	قَالُوا
اپنی مجلس میں	برے کام (کا)	تو نہ تھا	اس کی قوم کا جواب	مگر	یہ کہ	انہوں نے کہا

برے کام کو آتے ہو تو اس کی قوم کا کوئی جواب نہ تھا مگر یہ کہا:

ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ

ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾	قَالَ
تم لے آؤ ہمارے پاس اللہ کا عذاب	اگر	تم ہو	سچوں میں سے	(لوط نے) عرض کی

اگر تم سچے ہو تو ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ ○ (لوط نے) عرض کی،

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ ع وَ لَمَّا جَآءَتْ

رَبِّ	انْصُرْنِيْ	عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾	وَ	لَمَّا	جَآءَتْ
اے میرے رب	تو مدد فرما میری	فسادی لوگوں پر	اور	جب	آئے

اے میرے رب! ان فسادی لوگوں کے مقابلے میں میری مدد فرما ○ اور جب ہمارے فرشتے

رُسُلُنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْۤا اِنَّا

رُسُلُنَاۤ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْۤا	اِنَّا
ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)	ابراہیم (کے پاس)	خوشخبری کے ساتھ	(تو) انہوں نے کہا	بیشک ہم

ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر آئے تو انہوں نے کہا: ہم

حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی دعا

حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے پاس آنے والے فرشتوں کی حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے پاس آمد

ع ۵

(۱) ..... حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی قوم کے لوگ مسافروں کے ساتھ بھی بد فعلی کرتے تھے حتی کہ لوگوں نے اس طرف گزرنا موقوف کر دیا تھا، نیز یہ لوگ بد فعلی کے علاوہ ایسے ذلیل افعال اور حرکات کے عادی تھے جو عقلی اور عرفی دونوں طرح سے قبیح اور ممنوع تھے، جیسے گالی دینا، فحش بکنا، تالی اور سیٹی بجانا، ایک دوسرے کو کنکریاں مارنا، راستہ چلنے والوں پر کنکری وغیرہ پھینکنا، شراب پینا، مذاق اڑانا، گندی باتیں کرنا وغیرہ۔ حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس پر انہیں ملامت کی تو یہ مذاق اڑانے کے طور پر کہنے لگے: اگر تم سچے ہو کہ یہ افعال قبیح ہیں اور ان کے مرتکب پر عذاب نازل ہو گا تو ہم پر عذاب لے آؤ۔

www.dawateislami.net

مُهْلِكُوْۤا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا

مُهْلِكُوْۤا	اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ	اِنَّ	اَهْلَهَا	كَانُوْا
ہلاک کرنے والے (ہیں)	اس شہر والوں (کو)	بیشک	اس کے رہنے والے	ہیں

ضرور اس شہر والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں۔ بیشک اس شہر والے

ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ

ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾	قَالَ	اِنَّ	فِيْهَا	لُوْطًا	قَالُوْا	نَحْنُ
ظالم	(ابراہیم نے) فرمایا	بیشک	اس میں	لوط (بھی ہے)	(فرشتوں نے) کہا	ہم

ظالم ہیں ○ فرمایا: اس میں تو لوط (بھی) ہے۔ فرشتوں نے کہا: ہمیں

اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ؕ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَ

اَعْلَمُ	بِمَنْ	فِيْهَا	لَنُنَجِّيَنَّهٗ (۱)	وَ
خوب جانتے ہیں	(اس) کو جو کوئی	اس میں (ہے)	ضرور ہم نجات دیں گے اسے	اور

خوب معلوم ہے جو کوئی اس میں ہے، ضرور ہم اسے اور

اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَ

اَهْلَهٗۤ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾	وَ
اس کے گھر والوں (کو)	سوائے	اس کی بیوی (کے)	وہ ہے	پیچھے رہ جانے والوں میں سے	اور

اس کے گھر والوں کو نجات دیں گے سوائے اس کی بیوی کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے ○ اور

لَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

لَمَّاۤ اَنْ	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ
جب	آئے	ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)	لوط (کے پاس)	(تو) وہ ناخوش ہوا، غمزدہ ہوا

جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے تو انہیں فرشتوں کا آنا

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اظہارِ تعجب اور فرشتوں کا جواب

فرشتوں کی حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آمد اور انہیں تسلی

1 ..... یہاں فرشتوں نے نجات دینے کی نسبت اپنی طرف کی، اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے بعض کام اس کے خاص بندوں کی طرف منسوب کئے جاسکتے ہیں کیونکہ نجات دینا درحقیقت اللہ تعالیٰ کا کام ہے مگر فرشتے چونکہ درمیان میں وسیلہ تھے اس لئے انہوں نے کہا ہم نجات دیں گے، لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دوزخ سے نجات دیتے ہیں، جنت عطا فرماتے ہیں اور مصیبت کے وقت مشکل کشائی فرماتے ہیں۔

www.dawateislami.net

بِهِمْ وَ ضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّ قَالُوْا لَا تَخَفْ

بِهِمْ	وَ	ضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّ	قَالُوْا	لَا تَخَفْ
ان کے سبب	اور	تنگ ہوا	ان کے سبب	(اس کا) دل	اور	(فرشتوں نے) کہا	آپ نہ ڈریں

بُرا لگا اور ان کے سبب دل تنگ ہوا اور فرشتوں نے کہا: آپ نہ ڈریں

وَ لَا تَحْزَنْ ۫ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَ اَهْلَكَ اِلَّا

وَ	لَا تَحْزَنْ	اِنَّا	مُنَجُّوْكَ (۱)	وَ	اَهْلَكَ	اِلَّا
اور	نہ غمگین ہوں	بیشک ہم	بچانے والے ہیں آپ کو	اور	آپ کے گھر والوں (کو)	سوائے

اور نہ غمگین ہوں، بیشک ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچانے والے ہیں سوائے

امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ

امْرَاَتَكَ	كَانَتْ	مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾	اِنَّا	مُنْزِلُوْنَ
آپ کی بیوی (کے)	وہ ہے	پیچھے رہ جانے والوں میں سے	بیشک ہم	اتارنے والے (ہیں)

آپ کی بیوی کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے ○ بیشک ہم اِس شہر والوں پر

عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾

عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ	رِجْزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾
اس شہر والوں پر	عذاب	آسمان سے	(اس کے) سبب کہ	وہ نافرمانی کرتے تھے

آسمان سے عذاب اتارنے والے ہیں کیونکہ یہ نافرمانی کرتے تھے ○

وَ لَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ

وَ	لَقَدْ	تَّرَكْنَا	مِنْهَاۤ	اٰيَةًۢ بَيِّنَةً (۲)	لِّقَوْمٍ
اور	ضرور بیشک	ہم نے چھوڑ دی	اس (بستی) سے	روشن نشانی	(ان) لوگوں کے لئے

اور بیشک ہم نے عقل والوں کے لیے اس بستی میں روشن نشانی کو

قومِ لوط کی تباہی عقلمندوں کے لئے نشانِ عبرت ہے

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے اللہ تعالیٰ کی عطا سے بندوں کو آنے والی مصیبتوں سے بچانے کی قدرت رکھتے ہیں اور بچاتے بھی ہیں۔ 2 ..... اس نشانی سے حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی قوم کے ویران مکان یا اس قوم کا عجیب و غریب واقعہ مراد ہے، یا اس سے وہ پتھر مراد ہیں جو ان پر برسے تھے اور ان پتھروں پر ان لوگوں کے نام لکھے ہوئے تھے، یہ عرصہ دراز تک باقی رہے اور بعض روایتوں کے مطابق صحابۂ کرام رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے انہیں دیکھا تھا۔

www.dawateislami.net

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَ اِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾	وَ	اِلٰى مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا	فَقَالَ
(جو) عقل رکھتے ہیں	اور	مدین کی طرف	ان کے (قومی) بھائی	شعیب (کو بھیجا)	تو اس نے کہا

باقی رکھا ○ مدین کی طرف ان کے ہم قوم شعیب کو بھیجا تو اس نے فرمایا،

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا

يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ	ارْجُوا	الْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَ	لَا تَعْثَوْا
اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ (کی)	اور	امید رکھو	آخرت کے دن (کی)	اور	نہ پھرو

اے میری قوم! اللہ کی بندگی کرو اور آخرت کے دن کی امید رکھو اور زمین میں

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ (۱)
زمین میں	فساد پھیلاتے ہوئے	تو انہوں نے جھٹلایا اسے	تو پکڑ لیا انہیں	زلزلے (نے)

فساد پھیلاتے نہ پھرو ○ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں زلزلے نے آلیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّ

فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾	وَ	عَادًا	وَّ
تو صبح کے وقت وہ رہ گئے	اپنے گھروں میں	گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے	اور	(ہم نے ہلاک کیا) عاد	اور

تو صبح اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل پڑے رہ گئے ○ اور (ہم نے) عاد اور

ثَمُوْدَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَ

ثَمُوْدَا	وَ	قَدْ	تَّبَيَّنَ	لَكُمْ	مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ	وَ
ثمود (کو)	اور	بیشک	ظاہر ہو چکے	تمہارے لئے	ان کی رہائش کے مقامات	اور

ثمود کو (ہلاک کیا) اور ان کی رہائش کے مقامات تمہارے لئے ظاہر ہو چکے اور

(1) ..... اس آیت میں مذکور ہے کہ قوم شعیب پر زلزلے کا عذاب آیا اور سورۂ ہود کی آیت 94 میں مذکور ہے کہ ان پر ہولناک چیخ کا عذاب آیا، دونوں میں تطبیق یہ ہے کہ پہلے ہولناک چیخ کی آواز آئی، پھر اس چیخ کے نتیجے میں زلزلہ پیدا ہوا جس سے گھر ان کے اوپر گر گئے اور صبح تک حال یہ ہو گیا کہ وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل مردے بے جان پڑے ہوئے تھے۔

www.dawateislami.net

زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	فَصَدَّهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ
خوبصورت بنادیئے	ان کے لئے	شیطان (نے)	ان کے اعمال	تو روکا انہیں	(اللہ کی) راہ سے

شیطان نے ان کے اعمال ان کیلئے خوبصورت بنادیئے اور انہیں (اللہ کے) راستے سے روکا

وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَ قَارُوْنَ وَ فِرْعَوْنَ وَ

وَ	كَانُوْا	مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾	وَ	قَارُوْنَ[1]	وَ	فِرْعَوْنَ	وَ
اور (حالانکہ)	وہ تھے	سمجھدار	اور	(ہم نے ہلاک کیا) قارون	اور	فرعون	اور

حالانکہ وہ سمجھدار تھے ○ اور (ہم نے) قارون اور فرعون اور

هَامٰنَ ۫ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ

هَامٰنَ	وَ	لَقَدْ	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ
ہامان (کو)	اور	ضرور بیشک	تشریف لایا ان کے پاس	موسیٰ	روشن نشانیوں کے ساتھ

ہامان کو (ہلاک کیا) اور بیشک ان کے پاس موسیٰ روشن نشانیاں لے کر آئے

فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا

فَاسْتَكْبَرُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا كَانُوْا	سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾	فَكُلًّا
تو انہوں نے تکبر کیا	زمین میں	اور	وہ نہ تھے	(ہم سے) نکل کر جانے والے	تو ہر ایک (کو)

تو انہوں نے زمین میں تکبر کیا اور وہ ہم سے نکل کر جانے والے نہ تھے ○ تو ان میں ہر ایک کو

اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَ

اَخَذْنَا	بِذَنْۢبِهٖ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ	حَاصِبًا	وَ
ہم نے پکڑا	اس کے گناہ کے سبب	تو ان میں سے	کسی پر ہم نے بھیجا	پتھراؤ	اور

ہم نے اس کے گناہ کی وجہ سے (ہی) پکڑا تو ان میں کسی پر ہم نے پتھراؤ بھیجا اور

قارون، ہامان اور فرعون، منکرینِ زکوٰۃ کے نمایاں

گزشتہ قوموں پر آنے والے مختلف عذابات اور ان کا سبب

1 ..... قارون صرف منکرِ زکوٰۃ تھا لیکن یہاں فرعون اور ہامان کے ساتھ اس کا ذکر کیا گیا جو سارے دینی امور یعنی توحید و نبوت وغیرہ کا انکار کرتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ضروریاتِ دین میں سے ایک چیز کا انکار کرنے والا، ویسا ہی کافر ہے جیسے ساری باتوں کا منکر کافر ہے۔ اسی وجہ سے حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے منکرینِ زکوٰۃ پر جہاد کا حکم دیا اور مسیلمہ کذاب کی قوم پر جہاد فرمایا کیونکہ وہ مسیلمہ کو نبی مان کر مرتد ہو گئے تھے۔

www.dawateislami.net

مِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ

مِنْهُمْ	مَّنْ	اَخَذَتْهُ	الصَّيْحَةُ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ
ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جو	پکڑ لیا اسے	خوفناک آواز (نے)	اور	ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جو

ان میں کسی کو خوفناک آواز نے پکڑ لیا اور ان میں کسی کو

خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ

خَسَفْنَا	بِهٖ	الْاَرْضَ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	اَغْرَقْنَا
ہم نے دھنسا دیا	اس کو	زمین (میں)	اور	ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جسے	ہم نے ڈبو دیا

زمین میں دھنسا دیا اور ان میں کسی کو ڈبو دیا

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾

وَ	مَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ (1)	وَ	لٰكِنْ	كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾
اور	نہ تھی	اللہ (کی شان کہ)	وہ ظلم کرے ان پر	اور	لیکن	وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے

اور اللہ کی شان نہ تھی کہ ان پر ظلم کرے ہاں وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے ○

بتوں کے بے بس ہونے کی ایک مثال

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ

مَثَلُ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْلِيَآءَ (2)
مثال	ان لوگوں کی جنہوں نے	بنا رکھے ہیں	اللہ کے سوا	مددگار

جنہوں نے اللہ کے سوا اور مددگار بنا رکھے ہیں ان کی مثال

كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ

كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ	اِتَّخَذَتْ	بَيْتًا	وَ	اِنَّ	اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ
مکڑی کی مثال کی طرح (ہے)	اس نے بنایا	گھر	اور	بیشک	سب گھروں میں زیادہ کمزور

مکڑی کی طرح ہے، جس نے گھر بنایا اور بیشک سب گھروں میں کمزور گھر

(1) ..... یعنی اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ وہ ان لوگوں پر ظلم کرے کیونکہ وہ کسی کو گناہ کے بغیر عذاب میں گرفتار نہیں کرتا، ہاں وہ لوگ خود ہی نافرمانیوں میں مبتلا ہو کر اور کفر و سرکشی کو اختیار کر کے اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے اور اسی بنا پر وہ طرح طرح کے عذابوں سے ہلاک کر دیئے گئے۔ (2) ..... اس آیت میں بتوں کے عاجز و بے بس اور بے اختیار ہونے کو ایک مثال کے ذریعے واضح کیا گیا ہے کہ جیسے مکڑی کا جالا انتہائی کمزور ہوتا ہے اور یہ نہ اس سے گرمی دور کر سکتا ہے نہ سردی، نہ گرد و غبار اور بارش وغیرہ کسی چیز سے اس کی حفاظت کر سکتا ہے، ایسے ہی یہ بت ہیں کہ اپنے پجاریوں کو کوئی نفع یا نقصان پہنچانے کی قدرت

www.dawateislami.net

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا
ضرور مکڑی کا گھر (ہوتا ہے)	کیا اچھا ہوتا اگر	وہ جانتے ہوتے	بیشک	اللہ	جانتا ہے	(اسے) جو

مکڑی کا گھر ہوتا ہے۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ جانتے ○ بیشک اللہ جانتا ہے اس چیز کو جس کی

بتوں کی اصل حقیقت اللہ تعالیٰ جانتا ہے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾
وہ عبادت کرتے ہیں	اس کے سوا	(جس) چیز (کی)	اور	وہی	عزت والا	حکمت والا (ہے)

وہ اللہ کے سوا پوجا کرتے ہیں اور وہی عزت والا حکمت والا ہے ○

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ

وَ	تِلْكَ	الْاَمْثَالُ	نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	وَ	مَا يَعْقِلُهَآ
اور	یہ	مثالیں (ہیں)	ہم بیان کرتے ہیں انہیں	لوگوں کے لیے	اور	نہیں سمجھتے انہیں

اور یہ مثالیں ہیں جنہیں ہم لوگوں کے لیے بیان فرماتے ہیں اور انہیں علماء ہی

مثالیں علماء ہی سمجھتے ہیں

اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اِلَّا	الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾	خَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ
مگر	علم والے	پیدا کیا	اللہ (نے)	آسمانوں	اور	زمین (کو)

سمجھتے ہیں ○ اللہ نے آسمان اور زمین حق

آسمان و زمین قدرت و وحدانیت الٰہی کی نشانی ہیں

بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۱۴/۱۶

بِالْحَقِّ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ (۱)
حق کے ساتھ	بیشک	اس میں	ضرور نشانی (ہے)	ایمان والوں کے لیے

بنائے، بیشک اس میں ایمان والوں کیلئے نشانی ہے ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) نہیں رکھتے اور نہ ہی دنیا و آخرت میں انہیں کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

(1) ..... آسمان و زمین کی پیدائش پر غور و فکر کر کے اللہ تعالیٰ کی معرفت صرف مومن ہی حاصل کرتے ہیں اس لئے یہاں انہیں کا ذکر ہوا کہ اس میں مومنوں کیلئے نشانی ہے ورنہ عمومی طور پر یہ سب کے لئے نشانی ہے۔

وقف لازم

www.dawateislami.net